# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

***OFFICIAL REPORT***

Monday, the February 23, 2026

(359th Session)

Volume XIV, No. 01

(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XIV SP.XIII (01)/2025

No. 01 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Panel of Presiding Officers ..... 2
3. Leave of Absence ..... 2
4. Introduction of [The Islamabad Real Estate (Regulation and Development) (Amendment) Bill, 2026]. 4
5. Introduction of [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of sections 361 and 375 of PPC) ..... 6
6. Introduction of [The Offence of Zina (Enforcement of Hudood) (Amendment) Bill, 2026]. ..... 7
7. Introduction of [The Majority (Amendment) Bill, 2026]. ..... 7
8. Consideration and Passage of [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025] ..... 8
9. Introduction of Islamabad [The Al-Biruni International University Bill, 2025] ..... 9
10. Introduction of [The Corporate Social Responsibility Bill, 2026] ..... 9
11. Consideration and Passage of [The Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment (Amendment) Bill, 2022] ..... 10
12. Withdrawal of [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2023], (Amendment of section 377A of PPC) ..... 11
13. Consideration and Passage of [The National Security Council (Amendment) Bill, 2023] ..... 11
14. Consideration and Passage of [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] ..... 12
15. Withdrawal of [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] ..... 13
    - Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition ..... 14
    - Senator Rana Sanaullah Khan, Advisor on Political Affairs ..... 23
16. Point raised by Senator Sherry Rehman regarding calls for creation of Karachi Province ..... 27
    - Senator Zamir Hussain Ghumro ..... 30
    - Senator Mohsin Aziz ..... 33
    - Senator Waqar Mehdi ..... 36
    - Senator Khalida Ateeb ..... 38
    - Senator Kamran Murtaza ..... 40
    - Senator Danesh Kumar ..... 42
17. Point of public importance raised by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan regarding statement given by the Israeli Prime Minister ..... 43
18. Point of Public Importance raised by Senator Faisal Javed regarding prevailing political and economic situation in the country ..... 44
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs) ..... 46
    - Senator Rubina Qaim Khani ..... 50
    - Senator Abdul Wasay ..... 52
    - Senator Nasir Mehmood ..... 54

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Monday, the February 23, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five minutes past two in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ ؕ وَ
مَنْ كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَ لَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ٘ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ
عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ
فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَ لْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

ترجمہ: اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے، رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو لوگوں کے لیے سراپا ہدایت، اور ایسی روشن نشانیوں کا حامل ہے جو صحیح راستہ دِکھاتی اور حق و باطل کے درمیان دوٹوک فیصلہ کر دیتی ہیں، لہٰذا تم میں سے جو شخص بھی یہ مہینہ پائے، وہ اس میں ضرور روزہ رکھے۔ اور اگر کوئی شخص بیمار ہو یا سفر پر ہو تو وہ دوسرے دنوں میں اتنی ہی تعداد پوری کرلے۔ اللہ تمہارے ساتھ آسانی کا معاملہ کرنا چاہتا ہے، اور تمہارے لئے مشکل پیدا کرنا نہیں چاہتا، تاکہ (تم روزوں کی) گنتی پوری کرلو، اور اللہ نے تمہیں جو راہ دِکھائی اس پر اللہ کی تکبیر کہو، اور تاکہ تم شکر گزار بنو۔ اور (اے پیغمبر ﷺ!) جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں پوچھیں تو (آپ ان سے کہہ دیجئے کہ) میں اتنا قریب ہوں کہ جب کوئی مجھے پکارتا ہے تو میں پکارنے والے کی پکار سنتا ہوں۔ لہٰذا وہ بھی میری بات دِل سے قبول کریں، اور مجھ پر ایمان لائیں، تاکہ وہ راہِ راست پر آجائیں۔

سورۃ البقرہ (آیات ۱۸۵ تا ۱۸۶)

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب۔ اس پر میں بتا دوں کہ ہم rules میں amendment کر لیتے ہیں۔ یہ نیک کام ہے ہم ضرور کریں گے۔ (جاری۔۔۔T02)

**T02-23Feb2026 Tariq/Ed: Iram. 02:10 pm**

جناب چیئرمین: اس بابت میں بتا دوں کہ ہم rules میں amendment کر لیتے ہیں، یہ تو نیک کام ہے ہم ضرور کریں گے۔ شکریہ۔

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: In pursuance of Rule 14 (1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 I nominate the following members in order of precedence to form the panel of presiding officers for the 359th session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Manzoor Ahmed *Sahib*,
2. Senator Qurat-Ul-Ain Marri *Sahiba*,
3. Senator Mohsin Aziz *Sahib*.

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 13th February January, 2026, during 358th Session and 23rd February, 2026 during current Session due to official visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Kazim Ali Shah has requested for the grant of leave for 9th to 13th February, 2026, during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Marri: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of the leave for the 13th February, 2026 during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Palwasha Mohammed Zai Khan has requested for the grant of the leave for the 12th and 13th February, 2026 during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohsin Aziz has requested for the grant of the leave for the 9th and 10th February, 2026 during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Ahmed Khan has requested for the grant of the leave from 10th to 13th of February, 2026 during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Bushra Anjum Butt has requested for the grant of the leave for the 12th and 13th February, 2026 during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Raja Nasir Abbas has requested for the grant of the leave for the various dates during the 352nd to 357th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Abid Sher Ali has requested for the grant of the leave for the 12th and 13th February, 2026 during the 358th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohsin Aziz, may move Order No.2.

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ جناب چیئرمین! ایک تو مجھے پریذائیڈنگ آفیسر مقرر کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ ان شاءاللہ اگر میں وہاں بیٹھ بھی گیا تو کسی کو تکلیف نہیں دوں گا۔

جناب چیئرمین: سب کی رائے آپ کے حق میں تھی۔

سینیٹر محسن عزیز: بہت شکریہ، جناب۔

**<u>Introduction of [The Islamabad Real Estate (Regulation and Development) (Amendment) Bill, 2026].</u>**

Senator Mohsin Aziz: I, Senator Mohsin Aziz move for leave to introduce a Bill to amend the Islamabad Real Estate (Regulation and Development) Act, 2020 [The Islamabad Real Estate (Regulation and Development) (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Minister *Sahib,* is it opposed?

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): شکریہ، جناب چیئرمین! جناب بابت ایک Government Bill بھی pending ہے اور اسی معاملے سے related ہے تو میری گزارش ہے کہ اگر آپ اسے کمیٹی کو بھجوادیں تو وہاں بیٹھ کر ہم ان شاءاللہ انہیں club کرکے دیکھ لیں گے۔

Mr. Chairman: Refer to the concerned Standing Committee.

سینیٹر محسن عزیز: جناب میں صرف ایک سیکنڈ میں منسٹر صاحب کو ویسے ہی بتا دیتا ہوں۔ جناب Real Estate Regulatory Authority's Bill was my Bill, which was discussed here in the Senate اور یہ یہاں سے 20th

February کو متفقہ طور پر pass ہوا تھا پھر اس کے بعد قومی اسمبلی نے 20th October, 2020 کو pass کر کے بھجوا دیا تھا اور صدر صاحب نے اس کو 9th of November, 2020 کو pass کر دیا تھا اور اس کا February, 2021 میں gazette ہو چکا تھا۔ اس کے بعد یہ تھا کہ اس کمیٹی کو جو head کرتے ہیں وہ Mayor of Islamabad ہیں، چونکہ Mayor of Islamabad exist نہیں کرتے اور یہ ساری authority بن چکی ہے لیکن اس کا function شروع نہیں ہوا تھا because of the absence of the Mayor اب یہاں ہم نے صرف یہ کہا ہے کہ in the absence of the Mayor, until he is elected تو کوئی دوسرا آدمی چاہے وہ سیکرٹری ہوں یا کوئی اور ہوں وہ اسے head کریں تاکہ یہ جو authority بن چکی ہے وہ کام کرے۔ اب اس میں حکومت کے bill کا کوئی تعلق نہیں ہے، میں یہ عرض کرنا چاہ رہا تھا۔

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law and Justice.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب تعلق ہے اور وہ اس لیے ہے کہ میں نے خود وہ کمیٹی کی ہے اور یہ معاملہ کوئی تین ماہ زیر غور رہا ہے۔ آپ کے Bill کو ہی سامنے رکھ کر اس میں کچھ ایسی چیزیں تھیں، آپ کا یہ جو Bill pass ہوا تھا ظاہر ہے قانون میں کوئی full stop نہیں لگ جاتا، کہ قانون بن گیا ہے، وہ جناب صرف ایک ہی ہے وہ صحیفہ آسمانی ہے، صرف ایک صحیفہ آسمانی ہے جس میں کسی قسم کی ہم کوئی تحریف یا اضافہ نہیں کر سکتے ہیں، یہ آئین اور قانون جنہیں ہم روز بیٹھ کر examine کرتے ہیں کہ کہاں پر اس میں تبدیلی کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد کی آج کی جو demands ہیں انہیں سامنے رکھتے ہوئے، محسن صاحب نے بہت efforts کیں، وہ ہمارے سر آنکھوں پر، بہت اچھا Bill ہے، اس میں مزید changes کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنی تھی، اسے comparative chart رکھ کر examine کیا گیا اور وہ Government Bill اب لایا جا رہا ہے۔ یہ کمیٹی میں جائے گا، وہ بھی آ جائے گا، سامنے رکھ لیں گے، محسن صاحب بھی وہاں پر تشریف فرما ہوں گے، وہاں یہ معاملہ حل ہو جائے گا، ویسے بھی یہ introduction پر ہے، اسے جانا کمیٹی میں ہی تھا۔

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill is referred to the concerned Standing Committee. Order No.4, Senator Mohammad Abdul Qadir, may move Order No.4. He is not present, so Order No.4 is deferred.

Order No.6, Senator Sarmad Ali, may move Order No.6.

**<u>Introduction of [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of sections 361 and 375 of PPC)</u>**

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali would like to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of sections 361 and 375 of PPC).

جناب بنیادی طور پر یہ تین Bills ہیں، ان تینوں میں جو age کے حوالے سے ambiguity ہے کہ majority and adulthood کی age کیا ہے، کہیں سولہ سال ہے اور کہیں نہیں لکھی ہوئی ہے تو ان سب کو conformity میں لانے کے لیے کہ female and male سب کی age بے شک وہ Civil Code ہو یا اسی طریقے سے majority act ہو ان سب کو uniform کرنے کے لیے ہے۔

Mr. Chairman: Is it opposed?

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میری submission یہ ہے کہ may be referred to the Committee وہاں اس پر detailed deliberation ہو جائے گی۔

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill is referred to the Standing Committee concerned. Order No.8. Senator Sarmad Ali, move Order No.8.

(Followed by T-03)

**T03-23Feb2026 Mariam Arshad/Ed:Irum 02:20 p.m.**

Mr. Chairman: (Continued…..) Order No.8. That has been referred to the committee. Senator Sarmad Ali, please move Order No.8.

سرمد علی صاحب آپ one by one کریں Order No.8 and 10 اکھٹا نہ کریں۔

**Introduction of [The Offence of Zina (Enforcement of Hudood) (Amendment) Bill, 2026].**

Senator Sarmad Ali: I, move for leave to introduce a Bill further to amend the Offence of Zina (Enforcement of Hudood) Ordinance, 1979 [The Offence of Zina (Enforcement of Hudood) (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed? No cross talk. I want to hear the Minister.

Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Minister for Parliamentary Affairs): May be referred to the concerned standing committee.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.10.

**Introduction of [The Majority (Amendment) Bill, 2026].**

Senator Sarmad Ali: I, move or leave to introduce a Bill further to amend the Majority Act, 1875 [The Majority (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed?

Dr. Tariq Fazal Chaudhry: May be referred to the concerned standing committee.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.12. Senators Qurat-Ul-Ain-Marri, Poonjo, Zamir Hussain Ghumro and Ashraf Ali Jataoi. Senator Zamir Hussain Ghumro, please move Order No.12.

## Consideration and Passage of [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025]

Senator Zamir Hussain Ghumro: I, move that the Bill further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Minister concerned, is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف): یہ handicapped word کو person with disabilities کر رہے ہیں، special person کے لیے یہ اچھی بات ہے۔

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill stands passed unanimously.

Mr. Chairman: Second Reading of the Bill there is no amendment in clause 2, so I will put this clause before the house. The question is that the Clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the bill. Now, we take up Clause 1 The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1 The Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1 The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No.13. Senator Zamir Hussain Ghumro.

Senator Zamir Hussain Ghumro: I, move that the Bill further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill stands passed unanimously. Order No.14 Senators Mohammad Abdul Qadir and Khalil Tahir, please move Order No.14.

**Introduction of Islamabad [The Al-Biruni International University Bill, 2025]**

Senator Khalil Tahir: I, on my behalf and on behalf of Senator Mohammad Abdul Qadir move that the Bill to provide for the establishment of Al-Biruni International University Islamabad [The Al-Biruni International University Bill, 2025], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed?

Dr. Tariq Fazal Chaudhry: It is not opposed; it may be referred to the concerned standing committee.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.16. Senator Sherry Rehman.

**Introduction of [The Corporate Social Responsibility Bill, 2026]**

Senator Sherry Rehman: I, move that the Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! یہ National Assembly سے pass ہو کر آیا ہے۔

Dr. Tariq Fazal Chaudhry: It may be referred to the concerned standing committee. Senator Sherry Rehman is saying that it may be referred to the concerned standing committee.

Mr. Chairman: The bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned.

سینیٹر شیری سب کو equal treatment مل رہا ہے۔

Order No.18. Senator Samina Mumtaz Zehri, it is deferred. Order No. 20. Senator Saadia Abbasi.

**Consideration and Passage of [The Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment (Amendment) Bill, 2022]**

Senator Saadia Abbasi: I, move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment (Amendment) Bill, 2022], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Second Reading of the Bill i.e clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 9, there is no amendment in Clauses 2 to 9, so, I put the clauses as one question. The question is that the Clauses 2 to 9 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 9 stand part of the Bill. Now, we take up Clause 1 The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1 The Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1 The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Senator Saadia Abbasi, may move Order No.21.

Senator Saadia Abbasi: I, move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Prohibition of Corporal Punishment (Amendment) Bill, 2022], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill stands passed unanimously. Order No.22. Senator Shahadat Awan.

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میں اس کو withdraw کرنا چاہتا ہوں لہٰذا میں motion move کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: کیا کرنا چاہتے ہیں، withdraw کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: میرے سارے bills withdraw ہی ہوتے ہیں لیکن اب کیا کر سکتے ہیں۔

**Withdrawal of [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2023], (Amendment of section 377A of PPC)**

Senator Shahdat Awan: I, seek leave to withdraw the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2023], (Amendment of section 377A of PPC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion was adopted and the leave to withdraw the bill is granted. The bill stands withdrawn. Order No.24. Senator Shahdat Awan.

**Consideration and Passage of [The National Security Council (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Shahadat Awan: I, move that the Bill further to amend the National Security Council Act, 2004 [The National Security Council (Amendment) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

(Continued….T04)

T04-23Feb2026 FAZAL/ED: Waqas 02:30 pm

Mr. Chairman: I, now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. We now take up second reading of the Bill. There is no amendment in Clause 2. So, I put this clause before the House as one question. The question is that Clause 2, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. Now, we take up Clause 1, the Preamble and the Title, of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title, stands part of the Bill. Senator Shahadat Awan may move Order No. 25.

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan, move that the Bill further to amend the National Security Council Act, 2004 [The National Security Council (Amendment) Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: I, now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Senator Shahadat Awan move Order No. 26.

**Consideration and Passage of [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan, move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (Insertion of new sections 59A, 431A, amendment of sections 154 and 431 of Cr.PC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justice): No, sir.

Mr. Chairman: I, now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Second reading of the Bill. Clauses 2 to 5, there is no amendment in Clauses 2 to 5. So, I put these Clauses as one question. The question is that the Clauses 2 to 5 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 5 stand part of the Bill. Now, we take up Clause 1, the Preamble and the Title, of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title, stands part of the Bill. Senator Shahadat Awan move Order No. 27.

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan, move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: I, now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order Nos. from 28 to 39 all are deferred because Senator Mohammad Abdul Qadir is not present. Order No. 40, Senator Shahadat Awan may move Order No. 40.

**Withdrawal of [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: Sir, I, Senator Shahadat Awan, seek leave to withdraw the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024], as introduced in the Senate on 1st January, 2024.

منسٹر صاحب! آئندہ میں کوئی Bill withdraw نہیں کروں گا۔

Mr. Chairman: I, now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to withdraw the Bill is granted. Senator Shahadat Awan may move Order No. 41.

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan, withdraw the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: The Bill stands withdrawn. I request the Leader of the Opposition

کہ میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ میں آپ کو وقت دوں گا تو اب آپ 30 منٹ تک بات کریں۔

**Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition**

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائدِ حزبِ اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ آج ہمارا یہ اجلاس ماہِ رمضان میں ہو رہا ہے اور ہم روزے کی حالت میں ہیں۔ خداوندِ تعالیٰ نے ماہِ رمضان کو ہمارے لیے اپنی عظیم نعمتوں اور بخششوں کا مہینہ قرار دیا ہے۔ انسان اپنی زندگی میں بعض اوقات خدا کے سامنے ایسا رویہ اختیار کرتا ہے، اس کا ایسا عمل ہو جاتا ہے کہ وہ خدا کی نگاہوں سے گر جاتا ہے۔ (عربی) خدا ان کی طرف دیکھتا بھی نہیں اور ان سے بات کرنا بھی گوارہ نہیں کرتا۔ لیکن ماہِ رمضان ایسا مہینہ ہے جس میں خدا ان ٹھکرائے ہوئے لوگوں کو بھی واپس آنے کی اجازت دیتا ہے۔ اپنے رب، اپنے مالک، اپنے خالق اور اپنے معبود کی طرف لوٹ آؤ۔ (عربی) بے شک خدا تمام گناہ معاف کرنے والا ہے، بشرطیکہ تم توبہ کر لو۔ خدا کی طرف لوٹ آؤ۔

بہر حال، ماہِ رمضان میں صرف کھانے پینے کا روزہ نہیں ہے بلکہ انسان کی زبان کا بھی روزہ ہے اور آنکھوں کا بھی روزہ ہے۔ جن چیزوں سے خدا نے منع کیا ہے کہ نہ دیکھو وہ نہیں دیکھنی ہے، جن سے روکا ہے کہ نہیں بولنا ہے وہ نہیں بولنی ہے اور جو سننے سے منع کیا ہے وہ نہیں سننا۔ لہٰذا میں کوشش کروں گا۔ میں خداوند تعالیٰ کی بارگاہ میں روزے سے ہوں، کوئی ایسی بات نہ کروں جو خدا کی ناراضگی، غضب اور نافرمانی کا باعث بنے۔

جناب چیئرمین صاحب! جب آپ یہاں نہیں تھے۔ ہم نے عمران خان صاحب کی آنکھ کے بارے میں خبر سنی۔ بیرسٹر سلمان صفدر صاحب نے بطور Friend of Court رپورٹ جمع کرائی جو میڈیا میں آئی۔اس سے پہلے بھی اس حوالے سے خبریں تھیں کہ ان کی آنکھ کی بینائی 85 فیصد نہیں رہی ہے۔چونکہ میری اپنی دائیں آنکھ بھی ٹھیک نہیں ہے دیکھ نہیں سکتا۔ مجھے پتا ہے کہ یہ عمل کتنا تکلیف دہ ہوتا ہے۔خدانخواستہ اگر کوتاہی یا دیر ہو جائے تو بعض اوقات انسان کی آنکھ کی بینائی چلی جاتی ہے۔ میری آنکھ کی بھی بینائی چلی گئی ہے۔ ہمارے تحفظات تھے۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ جمعہ کے دن سیشن ختم ہونے کے بعد ہم پارلیمنٹ کے باہر بیٹھ کر احتجاج کریں گے اور دھرنا دیں گے۔ صرف پارلیمنٹیریز ہوں گے کوئی اور نہیں آئے گا۔ جناب والا! لیکن ہوا یہ کہ اس سے پہلے کہ ہم باہر نکلیں پارلیمنٹ کے گیٹ کو تالے لگا دیے گئے۔ میرا ایک سوال ہے کہ آپ سینیئر پارلیمنٹیرین ہیں۔آپ قومی اسمبلی کے سپیکر بھی رہے ہیں اور چیئرمین بھی ہیں اور وزیراعظم بھی رہے ہیں۔ یہاں بہت سینیئر پارلیمنٹیریز بیٹھے ہیں۔ ہم سینیٹرز تھے، ممبران قومی اسمبلی تھے یا MPAs نے آنا تھا۔ ہم نے صرف باہر بیٹھنا تھا۔آسمان زمین پر نہیں گرنا تھا۔پُر امن احتجاج کی ایک روایت پڑنے دیں۔اس سے پاکستان کا image دنیا میں بہتر ہوگا اور عوام کا اعتماد حاصل ہوگا۔ یہ جو فاصلے پیدا ہو چکے ہیں۔حکومت اور عوام کے درمیان فاصلوں کو سمیٹنے کی ضرورت ہے۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔T05)

T05-23Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: Iram 2:40 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری) حکومت اور عوام کے درمیان فاصلوں کو سمیٹنے کی ضرورت ہے، نہ کہ بڑھانے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین! اس کو بند کر دیا گیا، تالے لگا دیے گئے، ہم باہر نہیں جا سکتے تھے۔ میں نے یہاں پر سنا ہے اور میڈیا میں بھی سنا ہے کہ 2014 میں باہر جو دھرنا تھا، کچھ لوگوں نے اپنے کپڑے دھو کر پارلیمنٹ کے باہر جنگلوں پر ڈالے تھے۔اسے پارلیمنٹ کی توہین کہا گیا تھا۔ کہا گیا تھا باہر بیٹھنے سے راستے بند ہو گئے ہیں، یہ پارلیمنٹ کی توہین ہوئی ہے۔ میں نے آپ کے senior parliamentarians سے بھی سنا ہے۔ یہاں وزیر قانون صاحب بھی تشریف فرما ہیں، میرا سوال ہے کہ کیا پارلیمنٹ کے دروازوں کو تالے لگانا اور parliamentarians کو اندر بند کر دینا، یہ توہین نہیں ہے۔ باہر نہ نکلنے دینا، باہر بیٹھ کر احتجاج نہ کرنے دینا، یہ توہین نہیں ہے۔ ہم نے وہاں میڈیا سے ہی بات کرنی تھی۔ کسی نے ہمارے پاس نہیں آنا تھا۔ ہم نے اعلان ہی نہیں کیا تھا کہ کوئی ہمارے پاس آئے۔ ہم سے پوچھ ہی لیتے کہ آپ کا پروگرام کیا ہے۔ ہم سے کسی نے بات تک نہیں کی، پوچھا تک نہیں۔آخرکار انتظامیہ اور یہاں ہمارے جو حکمران اور وزرا تشریف فرما ہیں یا treasury benches پر جو

related and responsible لوگ ہیں، انہیں پوچھنا چاہیے تھا۔ یہ واقعہ میری نگاہ میں، جو مجھے تھوڑا بہت سمجھ آتا ہے، کسی کو freely move کرنے سے روک دینا، اس کے fundamental rights کے خلاف ہے۔ یہ ظلم ہوا ہے، زیادتی ہو گئی ہے۔

ہم کیا کہہ رہے تھے؟ ہمارا مطالبہ کیا تھا؟ آپ بھی جیل میں رہے ہیں، آپ بھی قیدی رہے ہیں، آپ کو پتا ہے کہ بے شک قیدی وہاں داخلی طور پر آزاد ہی کیوں نہ ہو، کسی کو اگر گھر میں بند کر دیا جائے اور کہا جائے کہ تم باہر نہیں نکل سکتے تو یہ قید ہوتی ہے۔ ایک رانا ثنا صاحب بھی اس حوالے سے بات کر رہے تھے۔ قید قید ہوتی ہے، جیل جیل ہوتی ہے۔ تقاضا کیا تھا؟ اس طرح سے علاج کرائیں کہ ان کو اور ان کی فیملی کو اطمینان ہو جائے۔ ان کا ڈاکٹر جو ان کا علاج کرتا رہا ہے، اسے موقع دیں، وہ بھی ان کے ساتھ چلا جائے اور دیکھ لے۔ کسی ایسے ہسپتال میں علاج کرادیں جہاں پر اطمینان اور اعتماد ہو۔ پھر ان کو بے شک واپس لے جائیں۔ وہ پاکستان سے باہر تو نہیں جانا چاہتے، نہ ان کی ڈیمانڈ ہے کہ مجھے پاکستان سے باہر بھیجا جائے، نہ ان کی فیملی کی ڈیمانڈ ہے کہ انہیں پاکستان سے باہر بھیجا جائے۔

جناب عالی! اگر وہ شفاانٹر نیشنل ہسپتال میں چیک ہو جاتے، کسی نے ان کو اٹھا کر اغوا نہیں کرنا تھا، باہر نہیں لے جانا تھا۔ اگر کوئی لے جانا بھی چاہے گا تو وہ نہیں جائیں گے۔ میں ایک دفعہ ان سے ملاقات کرنے گیا، پانچ چھ لوگ ہمارے ساتھ اور بھی تھے، صاحبزادہ حامد رضا بھی تھے، اور PTI کی لیڈر شپ بھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے جیل اللہ کی نعمت ہے، میں یہاں قرآن پڑھتا ہوں۔ پہلے ایک ترجمہ تھا، اب کئی ترجمے ہیں، comparatively پڑھتا ہوں، دعا کرتا ہوں، خدا کے ساتھ مناجات کرتا ہوں، خدا نے موقع دیا ہے۔ پہلے مصروفیت کے باعث جلدی نماز پڑھتا تھا، اب اطمینان سے نماز پڑھتا ہوں۔ کتابیں پڑھتا ہوں۔ کبھی بھی انہوں نے demand نہیں کی کہ مجھے یہاں سے میرے گھر بھیج دو۔ یہ کہتے ہیں کہ میرا trial fair ہونا چاہیے، اور کچھ نہیں۔ لہٰذا، یہ ان کا حق ہے۔

جناب چیئرمین! مسائل کا حل نکلنا چاہیے نہ کہ مسئلے پر مسئلہ بڑھایا جائے اور وہ بحران کی شکل میں ڈھل جائے۔ عقل یہ کہتی ہے، معاشرے کے سمجھدار لوگ یہ کہتے ہیں کہ مسئلے کو بروقت حل کرنا چاہیے۔ نہیں تو مسئلہ بحرانوں کی شکل میں ڈھل جاتا ہے۔ پہلے ہی ہمارے ہاں کتنا سیاسی بحران اپنی جگہ پر ہے، معاشی بحران ہے، امن و امان کا بحران ہے۔ ہم ان چیزوں میں الجھے بغیر، آئیں اس طرف چلتے ہیں، سیاسی بحران حل کرتے ہیں۔ آئیں ملک کو سیاسی بحران سے نکالتے ہیں۔ جو trust deficit ہے اور عوام اور ہمارے سسٹم کے درمیان جو فاصلے ہیں، ان فاصلوں کو ختم کرتے ہیں۔ اپنی energies کو positive چیزوں پر خرچ کرتے ہیں۔ عمران خان صاحب کو آپ نے گرفتار کیا ہوا ہے، پرچے کاٹے ہیں، ہمیں پتا ہے، وہ جعلی پرچے ہیں لیکن وہ کہتے ہیں کہ جو proper process ہے، اس میں ان کو حق ملنا چاہیے لیکن جناب عالی! ایسا

نہیں ہوا۔ ان کی فیملی کو کہا گیا کہ سیاست نہ کریں۔ اگر آپ ان کے ڈاکٹر جناب آصف صاحب کو لے آئیں یا ان کی فیملی والوں کو اعتماد میں لے لیں، آخر کار آپ جانتے ہیں، ہم سب کی بہنیں ہیں۔ بہنوں کا گھر والوں کے ساتھ تعلق اور رشتہ سیاسی نہیں ہوتا۔ میں نے خود ایک دفعہ بھوک ہڑتال کی تھی، 'ن' لیگ کی حکومت تھی، 87 دن تک پریس کلب کے باہر، تقریباً پندرہواں یا بیسواں دن تھا، میرے بڑی بہن جو مجھ سے سات آٹھ سال بڑی تھی، آ گئیں، غصے ہو گئیں۔ کہنے لگیں اٹھو یہاں سے، میں تمہیں بھوک ہڑتال نہیں کرنے دوں گی۔ انہیں کیا پتا کہ causes کیا ہوتے ہیں، آداب کیا ہوتے ہیں، آرزوئیں کیا ہوتی ہیں۔ وہ بہن ہوتی ہے۔ ہمیں بہنوں کو بہن کے طور پر treat کرنا چاہیے۔ آپ اگر انہیں ملاقات نہیں کرنے دیں گے، وہ ناراض نہیں ہوں گی۔ ان کے بھائی کو گولیاں لگی ہیں یا نہیں لگی ہیں۔ آپ سب کہتے ہیں گولیاں لگی ہیں، سب لوگوں نے دیکھا ہے۔ کیا ان کا مینڈیٹ نہیں چھینا گیا؟ کیا ان کے اوپر اور لوگوں پر بھی ناجائز FIRs نہیں کاٹی گئیں؟ آپ یاسمین راشد کو دیکھیں، ایک بوڑھی خاتون ہیں، کینسر کی مریضہ ہیں، ابھی اس ہسپتال میں لوگوں کا علاج کرتی ہیں۔ ان پر FIR نہیں کٹی، وہ دہشت گرد declare نہیں ہوئی؟ آخر کار اطمینان اور اعتماد نہیں ہے۔ کیا نہیں کہا گیا؟ کیا بعض لوگوں نے نہیں کہا ہے کہ ہم عمران خان کو eliminate کریں گے؟ صحیح خبر پہنچی یا غلط خبر پہنچی، بہنوں کا دل پھر کیسے ہوتا ہے، گھر والوں کا دل کیسے ہوتا ہے؟ اس لیے میں کوئی سیاست نہیں کرنا چاہتا۔ ان کی health کا مسئلہ ہے، صحت کا مسئلہ ہے۔

ابھی پھر ایک دو دن بعد ان کو ٹیکا لگایا جانا ہے۔ مہربانی کریں، اس مسئلے کو بحران بننے سے روکیں اور ان کا شفا انٹرنیشنل سے treatment کروادیں۔ میں نے request کی تھی، دو سینیٹرز چلے جائیں، دو MNAs چلے جائیں، treasury bench سے ایک ہو جائے، ایک ادھر سے بھی، ہم لوگ جا کر visit کر لیں۔ کیا سینیٹ کا اختیار نہیں ہے، سینیٹ کے ممبرز جیل میں نہیں جا سکتے؟ ان کا حق نہیں ہے؟ کیا وہ اس کو visit نہیں کر سکتے؟ ہم کیوں نہ آگے بڑھ کر چیزوں کو ٹھیک کریں؟ اس سینیٹ سے سیاسی لوگ آگے آ جائیں۔ ہم پارلیمنٹ سے، قومی اسمبلی سے آگے چلیں۔ کوئی نہیں کہتا کہ انہیں رہا کر دو، کوئی نہیں کہتا کہ انہیں آزاد کر دو۔ آئیں ایک دفعہ جیل کو دیکھ لیں، باقی قیدیوں کا بھی visit کر لیتے ہیں۔ ہسپتال کو بھی دیکھ لیتے ہیں کہ وہاں پر کیا مشکلات ہیں۔ اسی بہانے جو باقی قیدی ہیں، ان کو بھی ان کے حقوق مل جائیں۔ اگر خدانخواستہ کوئی کوتاہی ہے تو برطرف ہو جائیں۔ اس کا کوئی جواب نہیں دیا گیا۔

جناب عالی! یہ سیاستدانوں کی جگہ ہے۔ قومی اسمبلی بھی ایسے ہی ہے۔ انہیں آگے بڑھنا چاہیے اور چیزوں کو ٹھیک کرنا چاہیے۔ ماہِ رمضان ہے، خدا بڑا کریم ہے۔ اس نے کہا ہے (عربی) اگر کسی نے گناہ کیے ہیں، میں سارے بخش دوں گا۔ بڑا دل کرنا چاہیے۔ بڑے دل کے

ساتھ چیزوں کو دیکھنا چاہیے۔ جن کے پاس طاقت ہوتی ہے، اگر ان کا دل بڑا نہ ہو، شرح صدر نہ ہو تو پھر power کا misuse ہوتا ہے، جبر و تشدد ہوتا ہے، ظلم و زیادتی ہوتی ہے۔ لہٰذا، ہماری گزارش ہے کہ آپ order کریں۔ دونوں طرف سے دو سینیٹرز چلے جائیں، دو MNAs ہو جائیں، وہ نہیں تو ہم چلے جائیں، کم از کم جیل کا visit کر لیں، ہم ان سے ملاقات کر لیں۔ پارلیمنٹ کی کمیٹی بن جائے۔ آئیں، politically چیزوں کو ٹھیک کرنے کے لیے آگے بڑھیں۔ ہم مل کر سیاسی بحران ختم کرتے ہیں اور ملک کو صحیح طرح سے چلاتے ہیں، آگے بڑھتے ہیں۔

میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا، میں آپ کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں، اگر آپ کے ساتھ اختلاف ہے، ہم فارم 47 کی حکومت کہتے ہیں لیکن اگر آپ کی حکومت گرانے کے لیے کوئی آگے بڑھے گا، خدا گواہ ہے ہم آپ کا ساتھ دیں گے اور آپ کی حکومت گرانے نہیں دیں گے۔ ہم کبھی بھی ایسا رویہ نہیں اپنائیں گے جو non-political ہو۔ ہم کسی کے کہنے پر، کسی طالع آزما کے کہنے پر، کسی لالچ میں آ کر، بِک کر، اکھاڑ پچھاڑ کی طرف نہیں جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ لہٰذا، آزمائیں تو سہی، آپ نے ملاقاتیں ہی بند کی ہوئی ہیں۔ کسی کو ان سے ملنے ہی نہیں دیتے۔ پاکستانی عوام کی اکثریت اس کے ساتھ ہے۔ وہ ان کے دلوں میں رہتا ہے۔ قبلہ ! میں قرآن کی آیت پڑھتا ہوں۔ خداوند متعال مظلوم کا ساتھی ہے۔ مظلوم کوئی بھی ہو، خدا اس کا ساتھ دیتا ہے۔ ہو ہی نہیں سکتا کہ آپ مظلوم ہوں، خدا آپ کا ساتھ نہ دے۔ اگر کافر مظلوم ہو تو خدا اس کا ساتھ دیتا ہے۔ اس کے ساتھ خدا کی مدد شاملِ حال ہو جاتی ہے۔ ہم دین پر، آخرت پر ایمان رکھتے ہیں۔ اس لیے یہ ہمارا امتحان اور آزمائش ہے۔ جس کے پاس power ہے، خدا کی طرف سے اس کی بھی آزمائش ہے، جس کے پاس نہیں ہے، اس کی بھی آزمائش ہے۔ آپ نے آئین میں لکھ دیا ہوا ہے کہ حاکمیتِ اعلیٰ، اللہ کی ہے یعنی حکومت اللہ کا حق ہے۔ اللہ مالک ہے حکومت کا۔ اللہ مالک الملک ہے۔ حکومت کا مالک اللہ ہے۔ جس کے پاس بھی اقتدار ہے، یہ امانت ہے۔ ہم اس کے مالک نہیں ہیں۔ جب امانت ہے، اس کو ایسے استعمال کرنا ہے جیسے خدا چاہتا ہے۔ ایسا لگے کہ خدا ہمارے اس عمل سے ناراض نہیں ہے۔ حد عقل اگر یہ ثابت نہ کر سکے کہ راضی ہے، کم از کم یہ تو ہونا چاہیے کہ ناراض نہیں ہے۔ آپ مجھے بتائیں، جس طرح سے misuse of power ہوتا ہے، لوگوں کو ڈنڈے مارے جاتے ہیں، پچھلے منگل کو اڈیالہ جیل کے باہر جس طرح سے مارا پیٹا گیا ہے، جو صحافی اور journalists ہیں، سفید کپڑوں میں لوگ تھے اور برے طریقے سے ان کو مار رہے تھے، ان کو بند کر کے مارا ہے، وحشیوں کی طرح ان کو مارا ہے۔ کہاں جائیں، کس سے شکایت کریں، کون ہے جو ہماری آواز سنے؟

(T06 پر جاری ہے)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (۔۔۔۔جاری) کہاں جائیں! کس کو شکایت کریں! کون ہے جو سنے ہماری آواز! ماہ رمضان ہے، آئیں چیزوں کو reconciliation کی طرف اور ٹھیک کرنے کی طرف لے کر چلیں لہٰذا یہ ہمارے لیے ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔ اسی طرح کل یا پرسوں خان صاحب کی اگلی treatment ہونے والی ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر ہم چاہتے ہیں کہ یہ مسئلہ حل ہو کیونکہ پوری دنیا کے concerns ہیں۔ آپ دیکھیں کہ 12 یا 14 ملکوں کے سابقہ cricketers and captains نے پاکستان کے Prime Minister کو ایک letter لکھا ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے بھی Prime Minister صاحب کو letter لکھا تھا۔ بالآخر آبرو مندانہ اور محترمانہ تعلق اور رشتے یہی کہتے ہیں کہ اس بار اثر ہونا چاہیے اور ترتیب ایسی دینی چاہیے۔ دنیا کے اندر اس وقت پریشانی ہے۔ لوگ پریشان ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جو ان کی آنکھ کی بینائی ہے، وہ بالآخر یہاں تک کیسے پہنچی؟ کہیں تو negligence ہوئی ہے؟ کسی نے تو یہ جرم انجام دیا ہے نا۔ کیا اس سے trust develop ہوتا ہے؟ جب وہ کہتے ہیں کہ میری آنکھ میں تکلیف ہے تو آپ بس drops دے دیتے ہیں۔ خود وہ ڈاکٹر بھی کہتے ہیں جنہوں نے انہوں دیکھا ہے کہ ان کی آنکھ کی بینائی چلی گئی تھی اور اسی لیے انہیں اسپتال لے جایا گیا تھا۔ اس میں clot آیا ہے اور وہ ابھی تک ختم نہیں ہوا ہے۔ ابھی تک ان کی آنکھ میں وہ clot ہے۔ ان کی یہ treatment اور باقی check-ups بھی ہونے چاہیے کیونکہ ان کی family کو شک ہے کہ خدانخواستہ انہیں زہر نہ دے دیا گیا ہو۔ یہ نہیں ہونا چاہیے اور انشاءاللہ یہ کوئی نہیں دے گا لیکن ان کا اطمینان تو ہونا چاہیے۔ ان کے blood test لے لیں۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: لہٰذا میری گزارش یہ ہے کہ اس حوالے سے آپ توجہ فرمائیں اور کچھ Parliamentarians کو آگے بڑھنے اور انہیں دیکھنے اور ان سے ملنے کے لیے اجازت دیں۔ اسی طرح جب ہم یہاں بیٹھے ہوئے تھے تو ایک video leak ہوئی ہے۔ ہمارے بھائی طلال چوہدری صاحب ابھی چلے گئے۔ آپ یقین کریں۔ میری ایک video clip چلی ہے۔ مجھے نہیں پتا تھا کہ کوئی recording کر رہا ہے۔ میں روزے میں ہوں۔ اگر مجھے پتا ہوتا تو میں کبھی بھی وہ نہ بولتا۔ ایک آدمی پتا نہیں کیسے کسی جنگلے سے روٹی پھینکی یا کیا اٹھا کے لا رہا تھا۔ پارلیمنٹ کے اندر جو لوگ آتے ہیں اور جہاں پر صحافی کھڑے ہوتے ہیں، جب وہ اس کے قریب پہنچا تو پیچھے سے پولیس والے دوڑتے ہوئے آئے۔ اسے گرایا، مارا اور وہ چھین کر لے گئے۔ میں چلا گیا۔ میں نے کہا کہ چلو یہاں بیٹھے ہیں تو ان کو

نصیحت کرتا ہوں۔ مجھے نہیں پتا تھا کہ وہ میری recording کر رہے ہیں۔ میں نے کہا کہ اگر وہ وہاں پہنچ گیا تو کیوں چھین رہے تھے۔ میں روزے سے ہوں اور واقعتاً میں نے 24 گھنٹے سے کھانا نہیں کھایا تھا۔ میں نے کہا کہ کیا ہوتا اگر ہم دو لقمے کھا لیتے۔ کوئی مسئلہ تھا! کیا ہم کوئی انڈین سپاہی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ کو لگتا ہے کہ ہم بھوکے رہ کر کمزور ہو جائیں گے۔ ہم کمزور تو نہیں ہوتے نا۔ ہم تو روزہ رکھ سکتے تھے، بھوک ہڑتال کر سکتے تھے لیکن یہ جو رویہ تھا، یہ بہت negative تھا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کی جو یہ video leak ہوئی ہے، یہ کیوں leak ہوئی ہے؟ یہ صحیح ہوا ہے یا غلط؟ یہاں پر کوئی قانونی غلطی ہوئی ہے یا نہیں۔ اگر خدانخواستہ قانونی طور پر یہ غلط کیا گیا تو کیا اس کا محاسبہ ہوگا، کسی کو پوچھا جائے گا، کوئی بازپرس ہو گی یا نہیں ہو گی۔ یہ ساری چیزیں پوچھنے والی ہیں۔

جناب! میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا اور آپ اس پر پورا اترے ہیں۔ بس ہمارا ایک ہی مطالبہ ہے۔ یہاں وزیر قانون صاحب ابھی بیٹھے نہیں ہیں۔ خان صاحب کے کیسز کے راستے میں رکاوٹیں نہ ہوں۔ ان کو چلائیں۔ کورٹ انہیں سنے۔ اگر آپ نے انہیں مزید سزا دینی ہے تو دیں۔ ہائی کورٹ سے دینی ہے تو دیں لیکن ان کے کیسز سنیں۔ اگر ہم آج اکٹھے ہو جائیں اور یہ طے کر لیں کہ کسی پر غلط ایف آئی آر نہیں کٹے گی اور جو کاٹے گا، اس کے مقابلے میں کھڑے ہوں گے کیونکہ کیا صرف سیاست دانوں نے ہی تختہ مشق بنے رہنا ہے۔ دیکھیں ناصر صاحب، آپ بھی سارا کچھ جانتے ہیں اور میں بھی جانتا ہوں۔ ہم لوگ ماہ رمضان میں ہیں۔ اچھی بات کریں۔ کیا ہمیشہ ہم سیاست دانوں نے ہی تختہ مشق بننا ہے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میری بات سنیں۔ عدالت نے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب، براہ مہربانی House in order کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: سینیٹر ناصر بٹ صاحب، میری بات سنیں۔

جناب چیئرمین: Order in the House, please. بٹ صاحب، وہ اپنی تقریر ختم کر رہے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میری بات سنیں۔ بھٹو صاحب کو اسی کورٹ نے پھانسی نہیں لگایا تھا؟ بعد میں کیا ہوا۔ کیااسی کورٹ نے نہیں کہاتھاکہ غلط ہوا۔ کورٹ میں جو بیٹھے ہیں، کیاوہ معصوم ہیں اور غلطی نہیں کرتے ہیں۔ یہی کورٹ نے ایک elected Prime Minister کو پھانسی لگایا تھا۔آپ خود کہتے ہیں کہ نواز شریف صاحب کو پانامہ کیسزمیں جعلی سزا ہوئی ہے۔ کیاایسانہیں کہتے ہیں۔ کیا آپ نہیں کہتے ہیں کہ کورٹ نے دی۔اسی لیے میں کہتا ہوں۔۔۔۔ ٹھیک ہے لیکن بٹ صاحب پہلے بات سنیں۔۔۔

جناب چیئرمین: بٹ صاحب،آپ کو جواب دینے کا موقع ملے گا۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میرے خیال میں آداب گفتگو ہونی چاہیے۔ ماشاءاللہ یہ بڑا ایوان ہے۔ عربی میں اسے مجلس شیوع کہتے ہیں یعنی بڑوں کاایوان یاایوان بالا۔ ایوان بالامیں بیٹھنے والوں میں ثابت قدمی، ہمت اور حوصلہ ہوناچاہیے۔ کیاضروری ہے کہ صرف سیاست دانوں نے ہی تختہ مشق بننا ہے۔ جنہوں نے مارشل لاء لگایا، ان کو نہیں پوچھنا ہے۔ جنہوں نے پاکستان کا آئین توڑا، ان کو نہیں پوچھنا ہے۔ جنہوں نے ابھی سارے ملک کو تختہ مشق بنایا ہے، کیاہم نے ان سے نہیں پوچھنا ہے۔ آئیں ملیں اوراکٹھے ہوں۔ پاکستان کو بہتر کریں۔ یقین کریں ہمیں پھانسی لگا دیں لیکن پاکستان کو صحیح راستے پر چلائیں۔ ہم اپنے وطن کے لیےخون دے دیں گے لیکن صحیح طرف چلیں۔ ایک غلط دوسرے غلط کی اجازت نہیں دیتا۔ میری گزارش ہے کہ ابھی آنے والے 24 یا25فروری کوان کاtreatment ہوناہے۔ رانا صاحب بیٹھے ہیں۔ دوسرے دوست بھی Treasury benches پر بیٹھے ہیں۔ کوشش کریں کیونکہ بعض اوقات مجھے شک ہونے لگتا ہے کہ کہیں ہمارے دوستوں کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں تونہیں ہیں، زنجیر تو نہیں ہے، کوئی مشکل تو نہیں ہے، کسی کا تسلط یا پریشر تو نہیں ہے۔ آپ یقین کریں کہ صرف اورصرف نجات کا راستہ عدل اور انصاف کا راستہ ہےاور ظلم کے خلاف کھڑے ہونے کا راستہ ہے۔ان عدالتوں سے اگر ہمیں انصاف نہیں ملتا یا کسی اور کو نہیں ملتا توآپ کھڑے ہوں۔ Fair and free trail ہو۔ جلدی اور شفاف trailہو۔ لوگوں کو ان کے حقوق ملے۔ لوگ مر جاتے ہیں لیکن ان کے کیسوں کے فیصلے نہیں ہوتے۔

جناب چیئرمین: بہت مہربانی۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: لہٰذا میری گزارش ہے کہ آپorder کریں کہ Parliamentarians وہاں visit کریں اور عمران خان صاحب کی اس وقتtreatment شفاءانٹرنیشنل اسپتال میں ہو۔ ابھی توجواب دیا جاتا ہے کہ ایسے ہوا تھا، ویسے ہوا تھا۔ دیکھیں آپ کی اجازت سے آخری بات کرتا ہوں اور قران کی آیت پڑھ دیتا ہوں۔ شاید سورۃبقرہ میں ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام اللہ

سے کہتے ہیں کہ (عربی) اے میرے اللہ، میرے رب، میرے مالک، میرے پروردگار، میرے پالنے والے، مجھے بتا تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے؟ (عربی) کیا تیرا ایمان نہیں ہے؟ بھلا کیوں نہیں، میرا ایمان تو ہے۔ (عربی) تاکہ مجھے اطمینان ہو جائے۔ دیکھے بغیر اطمینان نہیں ہوتا۔ اللہ کو نبی کہتا ہے مجھے دکھا دیں۔ اطمینان ہو جائے گا۔ مشکلات ختم ہو جائیں گی۔ یہ چہ مگوئیاں اور سارے مسائل حل ہو جائیں گے۔ ان کی ملاقاتیں بھی ہو جائیں اور ان کا علاج بھی وہاں ہو جائے جہاں ان کی فیملی کے لوگ بھی دیکھ لیں اور ان شاء اللہ العزیز ہم اگلی مشکلات کی طرف جائیں۔ خطے کے اندر ایک بہت بڑا بحران کھڑا ہو رہا ہے۔ امریکہ نے تاریخ میں اپنی اتنی military move نہیں کی ہے جتنی ابھی کی ہے اور وہ Western Asia میں آچکی ہے۔

Mr. Chairman: Please, wind up.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: لہٰذا ان حالات کو دیکھتے ہوئے ہمیں اپنا House in order کرنا چاہیے، بیٹھنا چاہیے اور بات کرنی چاہیے۔ Studies ہونی چاہیے کہ اگر خدانخواستہ جنگ شروع ہو گئی تو ہم کیسے اس کا مقابلہ کریں گے اور اس کے اثرات سے کیسے بچیں گے۔ یہ جنگ پورے ملک اور خطے میں اپنی لپیٹ میں لے لے گی۔ اس پر بات کریں۔

جناب چیئرمین: آپ کی مہربانی۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: آپ کی اجازت سے بس آخری بات۔ غزہ کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ ماہ رمضان ہے۔ وہاں نسل کشی ہوئی ہے۔ قتل عام ہوا ہے۔ ظلم ہوا ہے۔ سورہ بقرہ میں خداوند تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے ان یہودیوں کو جو رسول پاک کے دور میں تھے کہ (عربی) تم لوگوں نے پچھلے انبیاء کو کیوں قتل کیا اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ وہ تو رسول پاک کے دور میں تھے لیکن بنی اسرائیل تو کئی سو سال پہلے کی تھی۔ قران کہہ رہا ہے تم قاتل ہو کیونکہ یہ اپنے اسلاف کے افعال پر راضی تھے۔ انہوں نے نبیوں کو قتل کیا تھا اور کہا کہ ٹھیک کیا۔ غلط آدمی کے فیصلے میں اس کا ساتھ جو کھڑا ہو جائے اس پر بھی وہی عنوان آتا ہے اور قران کہتا ہے کہ یہ بھی قاتل ہے۔ خدا کے لیے پاکستان کو اور اپنے آپ کو اللہ کے قہر سے بچاؤ۔ ان بچوں کی آہوں سے بچاؤ جو پکارتے، پکارتے دنیا سے چلے گئے اور کوئی مدد کو نہیں پہنچا۔ خدا کے لیے ان ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھو۔ ان قاتلوں کے ساتھ نہ بیٹھو۔ ہم مسلمان ہیں۔ اللہ پر اعتماد کریں۔ اللہ پر توکل کریں۔ اللہ ہماری مدد کرے گا۔ ہمیں یہ ظالم اور یہ قاتل نہیں بچائیں گے۔ پاکستان کی عوام کے منشاء کے خلاف، اللہ کے احکام کے خلاف، دین کے خلاف اور قرآن وسنت کے خلاف یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے، ہمیں اس سے بچنا چاہیے اور اس طرف نہیں جانا چاہیے۔ ہو ہی نہیں سکتا کہ

ہم کسی ہلاکت اور تباہی و بربادی کا شکار نہ ہوں۔ میری گزارش ہے کہ اس سے واپس آیا جائے اور مظلوموں کے ساتھ کھڑا ہو جائے۔ یہ ظالم آج ہیں لیکن کل نہیں ہیں، شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر رانا ثناء اللہ خان، آپ Government کی طرف سے جواب دیں گے۔

**Senator Rana Sanaullah Khan, Advisor on Political Affairs**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): شکریہ، جناب چیئرمین! Leader of the Opposition نے بڑی مناسب پیرائے میں اپنی بات کی ہے۔۔۔۔ (۔۔۔۔۔جاری T07)

T07-23Feb2026 Babar/Ed:Waqas 3:00PM

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری) شکریہ جناب چیئرمین ! Leader Of The Opposition نے بڑی مناسب پیرائے میں اپنی بات کی ہے۔ انہوں نے بات یہاں سے شروع کی کہ خدا سارے گناہوں کو معاف کر دینے والا ہے، اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں سارے گناہوں کو معاف کر دوں گا بشرطیکہ توبہ کی جائے۔ تو معاملہ یہی ہے۔ اگر کوئی ضد پر اڑا ہو، ہٹ دھرمی پر ہو، کوئی بات تسلیم کرنے کو تیار نہ ہو، تو وہاں نعوذ باللہ خدا بھی اپنی رحمت کو روک لیتا ہے، جیسا کہ اس ارشاد سے ظاہر ہوتا ہے۔ انہوں نے، Leader Of The Opposition نے، چار مرتبہ یہ بات کہی کہ سیاست دانوں کو اکٹھا ہونا چاہیے، سیاست دانوں کو مل کے بیٹھنا چاہیے۔ سیاست دان تو مل کے بیٹھے تھے، سیاست دانوں نے تو charter of democracy کیا تھا۔ تو پھر وہ کون سے صاحب تھے جنہوں نے اس سیاست دانوں کے charter of democracy کو ختم کر دیا، اور یہ نعرہ لے کے کہ میں کسی کو نہیں چھوڑوں گا؟ اس کے بعد تقریباً سات آٹھ سال مسلسل جدوجہد کی، 2018 تک، اور 2018 میں پھر کس طرح اقتدار حاصل کیا گیا۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا۔ انہوں نے یہ گلہ کیا کہ پارلیمنٹ کو تالے کیوں لگائے گئے یا پارلیمنٹ کو بند کیوں کیا گیا۔ جناب راجہ ناصر عباس صاحب، جب آپ یہاں تشریف فرما تھے، آپ نے جو بھی بھوک ہڑتال یا احتجاج کیا، اس وقت آپ اپنے میڈیا کو دیکھیں کہ وہاں کیا ہو رہا تھا، کس طرح پکارا جا رہا تھا کہ جی پہنچو پارلیمنٹ۔ کچھ لوگوں نے پارلیمنٹ کی طرف بڑھنے کی کوشش بھی کی، لیکن تعداد کسی جگہ 30، کسی جگہ 15، کسی جگہ 10 تھی۔ کچھ کو روک لیا گیا، کچھ کے پی کے ہاؤس کے باہر 10، 15 لوگ بیٹھے رہے۔ جتنی دیر آپ یہاں پارلیمنٹ میں بیٹھے، اتنی دیر وہاں منسٹر انکلیو اور باقی ہاؤسز کے راستے بلاک کیے تھے۔ سات آٹھ آدمی کرسیاں لگا کر سڑک

پر بیٹھ جائیں اور دونوں طرف لوگوں کا آنا جانا رک جائے، تو یہ صورتحال پیدا ہوئی۔ جب ایسا ماحول پیدا کیا گیا کہ پارلیمنٹ کی طرف بڑھا جائے اور وہاں پہنچا جائے، تو یقیناً انتظامیہ نے انتظامات کیے، جس سے آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

جہاں تک علاج کا معاملہ ہے، علاج in accordance with law اور judicial custody کے تحت ہے۔ سزا عدالتوں نے دی ہے۔ اپیلیں عدالت میں pending ہیں۔ Supreme Court میں ہم نہیں گئے، آپ کے وکلاء گئے۔ انہوں نے point raise کیا کہ خان صاحب کی living conditions درست نہیں، انہیں torture کیا جارہا ہے، سیل میں بند رکھا گیا ہے، سہولتیں نہیں ہیں۔ لہٰذا Supreme Court مداخلت کرے۔ سپریم کورٹ نے نوٹس لیا۔ نوٹس لے کر انہوں نے جیل حکام سے رپورٹ منگوائی۔ جیل حکام نے ایک رپورٹ دی کہ جناب یہ ان کی living conditions ہیں، ان کو جو سہولتیں عدالتوں نے یا جو ان کی entitlement ہے، اس کے مطابق دی جارہی ہیں۔ ان کے علاج سے متعلق بھی، جیسے ہی انہوں نے جیل ہسپتال یا doctors کو رپورٹ کیا، اسی وقت انہوں نے اپنے طور پر ان کو prescribe کیا۔ جب اس سے آفاقہ نہ ہوا تو فوری طور پر پمز ہسپتال کو لکھا گیا۔ 16 تاریخ کو پمز ہسپتال کے جو eye specialist ، وہاں department کے انچارج ڈاکٹر عارف صاحب، انہوں نے جا کر جیل میں ان کا معائنہ کیا۔ اس کے بعد 19 کو دوبارہ ان کے ٹیسٹ وغیرہ لیے گئے، اور 24 تاریخ کو ان کے علاج کے لیے جو ultimate remedy تھی، یعنی جو injection administer کرنا تھا، وہ انہیں دیا گیا۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ یہ رپورٹس غلط ہیں، یہ جیل authorities کی رپورٹ درست نہیں ہے، تو یہاں سے ایک commission بھیجا جائے، جیسا کہ راجہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ سپریم کورٹ order فرمائے اور کوئی commission بھیجے۔ سپریم کورٹ نے انہی کے وکیل سلمان صفدر صاحب کو کہا کہ ہم آپ کو as a friend of court بھیجتے ہیں، اور آپ کو ہی بطور commission مقرر کرتے ہیں، ہمیں آپ پر اعتماد ہے۔ انہوں نے جا کر جو رپورٹ دی، اس میں living conditions کے متعلق ان کی رپورٹ اور جیل authority کی رپورٹ میں کوئی فرق نہیں تھا۔ یہ سپریم کورٹ کے Chief Justice نے خود observe کیا اور وہاں تسلیم کیا گیا۔ اس کے بعد علاج سے متعلق جو ان کے خدشات تھے، انہیں سماعت کے بعد سپریم کورٹ نے order کیا کہ ان کا دوبارہ معائنہ کروایا جائے، specialist doctors اس میں شامل ہوں، اور رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش کی جائے۔ سپریم کورٹ کے orders کو obey کرتے ہوئے اسی طرح معائنہ ہوا۔ جن doctors کا کہا گیا تھا کہ شامل ہوں، ان میں ندیم قریشی صاحب بھی شامل کیے گئے۔ میری information کے مطابق، ان کی طرف سے یا ان کے وکلاء کی طرف سے کہا گیا تھا کہ

انہیں بھی شامل کیا جائے۔ یہ غالباً پانچ doctors کا panel تھا۔ انہوں نے ڈھائی تین گھنٹے تک معائنہ کیا۔ اس معائنے میں شامل ہونے کے لیے گوہر خان صاحب کو request کی گئی، مگر انہوں نے اپنی وجوہات کی بنا پر جانے سے انکار کیا اور معذرت کر لی۔ اس کے بعد رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش ہوئی۔ سپریم کورٹ نے اس پر اظہار اطمینان کیا، اور ان کے وکلاء نے بھی کوئی further demand نہیں کی۔ اگر کی، جیسا کہ یہ فرمارہے ہیں کہ family یا دیگر چیزوں کے حوالے سے، تو سپریم کورٹ نے اسے accept نہیں کیا۔ اب اگر معاملہ سپریم کورٹ میں ہے، اور سپریم کورٹ کی observation اور نگرانی میں یہ ساری exercise ہوئی ہے، تو اگر آپ کو کوئی اعتراض ہے یا کوئی further چاہتے ہیں، تو سپریم کورٹ میں دوبارہ request کر لیں۔ وہاں سے جو حکم ہوگا، خواہ شفا ہسپتال کا ہو یا کسی اور doctor کا، وہ بھی پورا کر دیا جائے گا۔ لیکن آپ نے معاملہ اٹھایا، اس کے مطابق doctors کا panel مقرر ہوا، اس نے معائنے کے بعد پہلی treatment کو endorse کیا۔ انہوں نے کہا کہ جو treatment اب تک ہو چکی ہے وہ درست ہے، اس میں کوئی نقص یا کمی pin point نہیں کی گئی۔ تو کم از کم اس پورے procedure پر satisfaction اور اعتماد کا اظہار تو کریں۔ اس کے باوجود اگر کہا جائے کہ علاج نہیں کیا گیا، لاپرواہی ہوئی، زہر دینے کی کوشش کی گئی، یا آنکھ کی بینائی ضائع کرنے کی کوشش کی گئی، تو پھر انہی باتوں کی بنیاد پر کہا جاتا ہے کہ اس پر سیاست نہ کی جائے۔ باقی میں Leader Of The Opposition کی خدمت میں یہ عرض کروں۔ (جاری T08)

T08-23FEB2026 Taj/Ed. Shakeel 03:10 p.m.

رانا ثناء اللہ خان: (جاری۔۔۔) باقی میں لیڈر آف دی اپوزیشن کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ہم نے، اتحادی حکومت نے اور اتحادی حکومت میں شامل سیاسی پارٹیوں نے، ہم نے تو ہمیشہ کوشش کی ہے۔ ہم نے تو اس وقت بھی کوشش کی ہے جب آپ برسراقتدار تھے۔ اس وقت کے لیڈر آف دی اپوزیشن میاں شہباز شریف اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اس وقت بھی کہا تھا کہ عمران خان صاحب قدم بڑھائیں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ ہم اس ملک کے لیے، اس ملک کی بہتری کے لیے آپ کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں۔ اس وقت جو آپ نے جواب دیا، وہی جواب آپ کا آج تک ہے۔ ہم تو آج بھی چاہتے ہیں کہ آپ پارلیمنٹ کا حصہ بنیں، پارلیمنٹ میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ آپ پارلیمنٹ میں موجود ہیں۔ آپ Standing Committees میں بھی آئیں۔ آپ اس ملک کی بہتری کے لیے charter of economy کریں، میثاق استحکام پاکستان کریں۔ آپ Charter of Democracy کو مزید مضبوط کرنے کے لیے ہمارے ساتھ بیٹھیں۔ آپ دہشت گردی کے خلاف ریاست کے بیانیے پر آواز سے آواز ملائیں۔ آپ پاکستان کے ساتھ اسی طرح سے کھڑے ہوں، پاکستان کے اداروں کے ساتھ،

پاکستان کے شہداء کے ساتھ جس طرح ہر پاکستانی کا فرض ہے لیکن آپ political process کا حصہ بننے سے مسلسل انکاری ہیں۔ آپ اس سے انکار کرتے ہیں، اس میں تیار نہیں ہوتے۔ وہ مذاکراتی کمیٹی جس میں راجہ ناصر عباس صاحب! آپ بھی شامل تھے۔ آپ کے ساتھ اور سینیٹر چار، پانچ ممبرز تھے۔ اسد قیصر صاحب، راجہ سلمان اکرم صاحب اور اس وقت کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور صاحب تھے۔ ہماری طرف سے بھی سینئر ترین لوگ تھے۔ اسحاق ڈار صاحب، راجہ پرویز اشرف صاحب، مرحوم عرفان صدیقی صاحب، میں تھا اور علیم خان صاحب تھے۔ ہم نے آپ کے ساتھ میٹنگ کی۔ دوسری میٹنگ میں آپ نے ہمیں کیا جواب دیا تھا، کہ جی بس ہمیں حکم آگیا ہے کہ کوئی کمیٹی کمیٹی نہیں کھیلنا، اس کے بعد کوئی میٹنگ نہیں ہو گی، بس یہ آخری میٹنگ ہے۔ ہم نے اس وقت بھی آپ سے request کی تھی کہ آپ اس process کو چلنے دیں۔ یہ پارلیمنٹ کو مضبوط کرے گا، یہ سیاست کو مضبوط کرے گا لیکن آپ نے کہا کہ نہیں، ہمیں تو حکم آگیا ہے کہ آپ نے اگلی میٹنگ نہیں کرنی۔

جہاں تک cases کا معاملہ ہے آپ کہتے ہیں کہ وہ cases ٹھیک نہیں ہیں لیکن ہمارا خیال otherwise ہے اور عدالتوں میں جو cases ہیں، وہ سب نے عدالتوں سے relief لیا۔ آپ نے بھی عدالتوں سے relief لینا ہے۔ آپ نے ان cases کو وہاں پر face کرنا ہے۔ جو آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں، جو political process کو strengthen کرنا چاہتے ہیں، ان کے ساتھ آپ بیٹھنے کو تیار نہیں ہیں۔ ان کے ساتھ آپ بات کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ اور جس طرف آپ بات کرنا چاہتے ہیں اور آپ ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ جی ہم تو بالکل انکار کرکے کھڑے ہیں۔ وہاں پر تو آپ نے on the record requests کی ہوئی ہیں کہ ہمارے ساتھ گفتگو کی جائے لیکن وہاں سے بالکل واضح طور پر کہا گیا ہے کہ نہ یہ ان کا mandate ہے اور نہ وہ اس پر مذاکرت کریں گے۔ اگر مذاکرات کرنا ہے یا بات کرنی ہے تو سیاسی جماعتوں نے آپس میں کرنی ہے۔ راجہ صاحب! آپ نے آج تین چار مرتبہ کہا ہے کہ ہمیں بیٹھنا چاہیے، ہمیں بات کرنی چاہیے۔ اس بات کو کہتے ہوئے ہمیں تو ساڑھے تین سال ہو گئے، پی ڈی ایم کی حکومت میں بھی اور اس کے بعد بھی ہم نے متعدد بار اس بارے میں کوشش کی ہے لیکن اگر آپ کے رویے میں ان خیالات سے فرق پڑے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بڑی خوشی ہو گی۔ اس بارے میں ہم بالکل معاملات کو جمہوری انداز میں آگے بڑھانے کے لیے تیار ہیں اور ہمارا یقین ہے کہ جمہوریت dialogue سے آگے بڑھتی ہے، deadlock سے آگے نہیں بڑھتی لیکن اس میں اس جماعت کا رویہ ہے جس جماعت کو آپ represent کر رہے ہیں، وہ آپ کے پیشِ نظر رہنا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شیری رحمان صاحبہ۔

## **Point raised by Senator Sherry Rehman regarding calls for creation of Karachi Province**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں اس موضوع پر تو گفتگو نہیں کرنا چاہتی لیکن میں نے آپ کے آفس کو ابھی پیشکش کی ہے کہ پیپلز پارٹی کے کچھ فاضل سینیٹرز ایک بہت اہم issue پر مختصر بات کرنا چاہتے ہیں، میں مختصر introduction کروں گی۔ میں نے مختصر سی فہرست بھی دے دی ہے۔ چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ 21 فروری کو سندھ اسمبلی میں ایک اہم قرارداد پاس کی گئی، کیونکہ ہم سندھ سے ممبرز بھی ہیں اوراس کی نمائندگی بھی کرتے ہیں، اس حوالے سے پہلے بھی اس بات کی گونج ہم نے یہاں بھی سنی ہے۔ یہ House of the Federation ہے، وفاق کی علامت ہے اور سب کے حقوق کا ضامن ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی بھی اسی طرح سندھ اور ہر اکائی کی نمائندگی اور اس کی وحدت کی ضامن ہے۔ سندھ کی وحدت کے حوالے سے یہ قرارداد جمع کی گئی اور یہ سیاسی، آئینی، جمہوری اور ہر قانونی اقدار سے بہت اہم تھی۔ آج اس کے بارے میں صرف اس لیے میں بات کر رہی ہوں کہ بار بار جمہوریت کے جو دشمن ہوتے ہیں، نسلی تقسیم کے حوالے سے سندھ کی اٹوٹ اور عظیم حیثیت کی بات کرتے ہیں، جو صدیوں سے ایک بندرگاہ ہے، کراچی، جس شہر کی میں باشندہ اور شہری ہوں، اس کی تقسیم، سندھ کو الگ کیا جائے، سندھ کو تقسیم کیا جائے، اس کی گونج ہوتی ہے۔

پنجاب میں ایک manhole cover نہیں ہوتا تو ایک وہ live media cycle پر چلتا ہے۔ جب manhole cover سندھ یا کراچی میں ہوتا ہے تو سندھ کی نسلی تقسیم کی باتیں شروع ہو جاتی ہیں جبکہ سندھ ہماری طرف سے، پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے ایک اٹوٹ حیثیت رکھتا ہے۔ جو بھی اس کو توڑنے کی کوشش کرے، وہ ہماری نظر میں جمہوریت کا دشمن ہے کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ، شہید ذوالفقار علی بھٹو کے وقت سے، اس سے پہلے سے بھی، ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اور سندھ کے لوگوں نے کبھی کسی کے لیے دروازہ بند نہیں کیا۔ نہ کبھی نسل کشی کی بات کی گئی، نہ کبھی تقسیم کی بات کی گئی بلکہ سندھ اور پورے صوبے کے وسائل ہمیشہ 1947 سے لے کے آج تک حاضر رہے ہیں اور نہ پھر کبھی بند ہوں گے لیکن چیئرمین صاحب! سندھ کو اس طرح متنازعہ کر دینا اور اس کی تقسیم کی بات کرنا نہ صرف آئین کے خلاف ہے اور شاید وہ جمہوریت کے بھی خلاف ہے کیونکہ پیچھے کے ایک backdoor سے آپ یہ سب نہیں کر سکتے۔ میں اس لیے کہہ رہی ہوں کہ ان سب کو پتا ہونا چاہیے کہ دو تہائی اکثریت کی ضرورت ہوتی ہے، 1973 کی آئین میں یہ منجمد ہے کہ ایسی کوئی بات بھی شروع کرنے کے لیے آپ کو صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت کی ضرورت ہو گی۔ اور سندھ کا اپنا ریکارڈ ہے کہ قرارداد پاکستان کے لیے سب سے پہلے کھڑی ہوئی تھی۔ پاکستان

کی بنیاد کے لیے سب سے پہلے یہ صوبہ کھڑا ہوا تھا۔ اس سے پہلے Bombay Presidency سے علیحدگی 1930s میں خود اختیار کی گئی۔ سندھ کا بہت سنہرا ریکارڈ ہے مسلمانوں کی اور ہر اقلیت کی نمائندگی کرنے میں ایک majoritarian space, inclusive space ہے، جمہوری space بنایا گیا ہے لیکن وقتاً فوقتاً جب بھی کوئی ایسا موقع ملتا ہے، ہمارے دوست جنہوں نے پچیس پچیس سال اور ایم کیو ایم والے ہمارے دوست ہیں، ہمارے بھائی بہن ہیں۔ ہمارے ساتھ حکمرانی میں رہے ہیں بلکہ ہر حکومت کے ساتھ حکمرانی میں رہے ہیں چاہے وہ صوبہ ہو، وفاق میں تو خیر ساتھ رہے ہیں اور انہوں نے پچیس سال سندھ، کراچی کی حکمرانی کی ہے، ہر سطح پر کی ہے، لوکل گورنمنٹ میں کی ہے، صوبائی حکومت میں کی ہے۔ انہوں نے ہر سطح پر لوکل گورنمنٹ میں حکمرانی کی ہے۔ اور ضرور لوگوں کے ووٹوں سے لے کر بے شک کریں، صوبے کی نہیں، میں کراچی کی بات، لوکل گورنمنٹس کی بات کر رہی ہوں، کسی نہ کسی پوزیشن میں انہوں نے حکمرانی کی ہے۔ وفاق میں تو ماشاء اللہ وہ ہمیشہ ہی ہوتے ہیں۔ اللہ ان کو اور بھی بہت عزتیں دیں، سب کا وقار بلند کرے لیکن سندھ کی تقسیم سے پاکستان کی تقسیم کی بات شروع ہو جاتی ہے۔ پاکستان کی قدیم بندرگاہ سندھ سے منسلک ہے، وہ کراچی کا شہر ہے۔ وہ کوئی آج نہیں بنا، صدیوں سے بنتا چلا جا رہا ہے۔ وہاں لوگ آتے چلے جا رہے ہیں، ہر علاقے کے باشندے آئے یہاں تک کہ افغانستان سے، ایران سے، پاکستان کے اپنے، اور ظاہر ہے جب ہندوستان کی تقسیم ہوئی۔

(جاری۔۔۔T09)

T09-23Feb2026 Ali/Ed: Shakeel 03:20 pm

سینیٹر شیری رحمان: (جاری ہے۔۔۔) یہاں تک کہ افغانستان سے، ایران سے، پاکستان کے اپنے اور ظاہر ہے ہندوستان کی جب تقسیم ہوئی تو ہمارے دوست، بھائی، بہن سب وہیں سے آئے۔ ہمارے خاندانوں نے مہمانداری کی، میرے والد کے خاندان نے بھی کی، ہم camps میں روز کھانے پہنچاتے تھے اور ہماری نظر میں کوئی ایسا نہیں جو سندھ کا باشندہ نہ ہو۔ Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto نے ہمیشہ یہ کہا کہ جو بھی ہو Pakistan People's Party نسلی بنیاد پر کوئی بات نہیں کرے گی، ہم کبھی allow بھی نہیں کرتے، نہ نسل کی بنیاد پر، نہ لسانیت کی بنیاد پر، no ethnicity, race, gender, colour, sex، ہم ان چیزوں پر بات ہی نہیں کرتے اور اگر کوئی تقسیم کی کوشش کرتا ہے تو ہم ایک سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگر انہوں نے جمہوری طریقے سے بات کرنی ہے تو اپنی اکثریت لائیں، پھر بات کریں اور بتائیں کہ کس طرح بہتری لائیں گے۔ ہم سب مل بیٹھ کر، ابھی اس وقت بڑی احسن بات چیت ہوئی ہے، dialogue کی بات ہوئی ہے، deadlock تو کوئی نہیں چاہتا۔

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر، سینیٹر منظور احمد کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر شیری رحمان: لیکن سندھ کے حوالے سے جب بھی دیکھیں backdoor politics کی جاتی ہے اور میں backdoor اس لیے کہہ رہی ہوں کہ کسی کی تذلیل نہیں کرنی، backdoor اس لیے کہہ رہی ہوں کہ obviously backdoor کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے؟ کیونکہ جمہور کے حوالے سے سندھ کی اکثریت People's Party کے پاس ہے۔ اگر یہ بات کسی کو بُری لگ رہی ہے تو وہ جدو جہد کریں، democratic struggle کریں، کوڑے کھائیں جس طرح ہمارے جیالوں نے کوڑے کھائے، ہر چیز کا سامنا کریں۔ ہماری شرافت پر اتنی سیاست نہ کریں، کیونکہ سب کو پتا ہے کہ People's Party کسی کو پابندِ سلاسل نہیں کرے گی۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب بھی ہماری Federal Government میں حکومت آتی تھی تو there were no political prisoners, we don't appreciate political prisoners. محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ، زرداری صاحب اور گیلانی صاحب سب سیاسی قیدی رہ چکے ہیں اور بڑی dignity اور grace کے ساتھ قیدی رہے ہیں۔ معاف کیجیے، جب PTI کے دور میں پولیس آتی تھی، بہنوں اور بیٹیوں کو لینے اور بعض خواتین جو اپنی حیثیت میں بھی سیاسی لیڈر ہیں، ان کو لینے آتی تھی، تب کسی کو نظر نہیں آتا تھا۔ خیر، میں یہاں وہ باتیں کرنے نہیں آئی ہوں، آلودگی پھیلانے نہیں آئی ہوں، لیکن میری گزارش ہے کہ ہمارے لوگ اس پر بات کریں اور سندھ کی تقسیم کے حوالے سے جو ایک مذموم campaign چلائی جاتی ہے، وہ conspiracy ہوتی ہے، ایک سازش ہوتی ہے۔ اس عمل، اس کوشش، اس کاوش کا نام سازش ہی ہے جو backdoor کے ذریعے کی جاتی ہے، media کے ذریعے باتیں پھیلائی جاتیں ہیں اور trends چلائے جاتے ہیں کہ سندھ کو تقسیم کیا جائے گا۔ تو یہ جان لیں کہ People's Party معتدل رہتی ہے، لیکن مزاحمتی سیاست اور مذمتی سیاست بھی ہمیں کرنی آتی ہے، اس سیاست سے بہتر اور بہت اچھی طرح آتی ہے۔ جب ہمیں جیل کی کالی کوٹھری کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو ہم نے کبھی اُف نہیں کی؛ نہ اپنے لوگوں سے کہا کہ assemblies کو یرغمال بنائیں۔ آپ کو یاد ہوگا 2002 کی assembly میں، زرداری صاحب پابندِ سلاسل تھے، لیکن اس وقت کیا ہو رہا تھا؟ People's Party ایوانوں میں آتی تھی، Bills move کرتی تھی، committees میں بھی ہوتی تھی؛ مثبت سیاست بھی کرتی تھی اور مزاحمت بھی کرتے تھے، لیکن ہم پارلیمان کا front line تھے اور front line حصہ رہے۔ آج جو قوانین آپ discuss کر رہے ہیں، ہمارے فاضل اراکین خاص طور پر جو قوانین لے کر آتے ہیں وہ سب People's Party ہی لاتی تھیں۔ ہم پورے وفاق کی علامت ہیں، چاروں صوبوں کی زنجیر ہیں۔ جیسے Shaheed Zulfiqar Ali

Bhutto نے آئین بنایا اور یہ Senate بنی پاکستان کی تقسیم کے بعد، سقوطِ ڈھاکہ کے بعد۔ تو لوگ اچھی طرح سن لیں کہ تقسیم کی بات کرنی ہے نسل کی بنیاد پر تو ان کا نام سازشی ہی ہوگا۔ جو نسل کی سیاست کرتے ہیں، جو لسانیت کی سیاست کرتے ہیں اور پاکستان کی تقسیم کی کوشش میں لگے رہتے ہیں، ان کی یہ سازشیں بالکل acceptable نہیں ہیں اور نہ ہم ہونے دیں گے۔ وہ قرارداد وہاں pass ہوئی تھی اس کے حوالے سے کچھ اراکین اب بات کریں گے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔ یہاں جو list چل رہی ہے، سینیٹر ضمیر حسین گھمرو کے بعد آپ کی طرف آؤں گا۔

**Senator Zamir Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب چیئرمین، گزشتہ ہفتے سے سندھ کے چھ کروڑ عوام کے sentiments کو مجروح کیا گیا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ وہاں Governor House کا ایک Federal Officer استعمال ہوا، جبکہ constitution میں واضح لکھا ہوا ہے کہ "state shall not encourage any racial or ethnic prejudices" اس کی violation کی گئی اور Governor House کو استعمال کیا گیا سندھ کی integrity کے خلاف۔

پاکستان میں سندھ کا جو status ہے، وہ سب سے منفرد ہے۔ سندھ واحد صوبہ تھا جس نے پاکستان کے لیے back in 1943 Resolution pass کیا کہ Indian Federation کے North West میں جو بھی Muslims States ہیں ان کی بنیاد پر Federation بنائی جائے 1940 Lahore Resolution کے مطابق۔ جناب! سندھ کا status ایک country's status تھا، when the British occupied Sindh, Sindh was the country and Sindh had a friendship treaty with the British. ہم نے پاکستان کے لیے اپنا country's status قربان کیا اور ہم پاکستان کا صوبہ بنے، لیکن اس سے بھی پہلے 632 میں we were the Super Power, there was the four Super Powers, Arabia, Sindh, Iran and Roman Empire, USA was not discovered, Europe was in the middle ages. لہٰذا سندھ کی جو civilization ہے اور سندھ کی جو تاریخ ہے وہ سب سے منفرد ہے کیونکہ ملک کے

آئین میں بھی لکھا ہوا ہے کہ اگر کوئی two-thirds majority Assembly سے Bill pass نہیں کرتی تب تک President اس Bill۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: خالدہ صاحبہ بیٹھیں، میں آپ کو موقع دیتا ہوں، شکریہ۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: اس Bill کو ایسے نہیں کرے گا جس کا Provinces alteration of limits effect ہو گا۔ چنانچہ Sindh Assembly آج تو کیا، آئندہ ایک سو سال، پانچ سو سال میں بھی ایسا Bill pass نہیں کرے گی، کیونکہ سندھ کے عوام سندھ کی integrity پر بہت serious ہے۔

دیگر صوبوں کا status الگ ہے اور ان کے historical conditions الگ ہیں، Punjab Assembly نے two-thirds majority سے Southern Punjab Province کا Resolution pass کیا ہوا ہے۔ ان کی تاریخ مختلف ہے کیونکہ 1818 میں رنجیت سنگھ نے ملتان پر قبضہ کیا اور اپنے بیٹے کا نام ملتانا سنگھ رکھا، اگلے سال انہوں نے پشاور پر قبضہ کیا اور اپنے بیٹے کا نام پشورا سنگھ رکھا تھا۔ ہمارے سرائیکی وسیب والے بھائی کہتے ہیں کہ پشاور والا علاقہ، جس کا نام رنجیت سنگھ نے پشورا سنگھ رکھا تھا وہ 1901 میں صوبہ ہو گیا تو ہمارا صوبہ کیوں نہیں بن رہا؟ ہر صوبے کی اپنی historical significance ہے، تو اس historical rung کو ختم کرنے کے لیے Punjab Assembly نے تو Bill pass کر لیا تھا مگر Parliament نے مختلف وجوہات کی وجہ سے ابھی تک pass نہیں کیا کیونکہ اس کے different reasons ہیں۔

As far as Sindh is concerned، سندھ نے کسی پر حملہ نہیں کیا اور سندھ کی integrity supreme اور sacred ہے، اسی وجہ سے سندھ کے عوام کے sentiments مجروح ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ دو وفاقی وزراء جن کا status بڑا important ہوتا ہے نے وہاں press conference کی کہ گزشتہ 18 سال میں People's Party کے دور میں وفاقی حکومت نے People's Party کو تیس ہزار ارب روپے دیے، حالانکہ گزشتہ 18 سال کا سندھ کا total budget تقریباً اکیس ہزار ارب اور کچھ ہے، جس میں سے چودہ، پندرہ ہزار ارب NFC نے سندھ کو دیے ہیں۔

وفاقی حکومت صوبوں کو پیسے نہیں دیتی، وفاقی حکومت خود National Finance Commission سے پیسے لیتی ہے، جو صوبوں کی نمائندگی پر مشتمل ادارہ ہے اور Provincial Government, Provincial Assembly کو اپنے finances

ہے، یہی responsible کو Federal Government Parliament ہے اور responsible کے لیے

constitutional statusہے۔ تو میرے خیال میں Pakistan People's Party, Pakistan Federation کی

ضامن ہے کیونکہ Pakistan People's Party نے پاکستان کاآئین بنایا ہے اور پاکستان کی موجودہ Federation 1973 کے

constitutionکے تحت قائم ہوئی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! سب نے بولنا ہے۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب! صرف ایک منٹ۔ 1979 سے 2020 تک کراچی میں Mayor وفاق نے مسلط کیے۔ ہمارے Mayorکو ابھی پونے تین سال بھی نہیں ہوئے ہیں، کراچی میں ابھی امن ہے، کراچی میں ابھی developmentہے، روز کوئی نہ کوئی scheme کاافتتاح ہوتا ہے اور کراچی میں بڑے پیمانے پر سندھ حکومت اور ہمارے Chief Minister Murad Ali Shah روز کوئی نہ کوئی project کا inauguration کرتے ہیں۔ (جاری ہے-----T10)

**T10–23Feb2026 Imran/ED: Waqas 03:30 pm**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: (جاری-----) روز کوئی نہ کوئیproject inaugurate کرتا ہے۔اس سے ترقی ہوتی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے کراچی میںhope createکی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے کراچی میںdevelopmentکی ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی نے تڑپتے ہوئے کراچی کو امن دیا تھا۔

جناب، یہMQM والے ہمارے دوست ہیں لیکن ان کا رویہ 2016 سے جو تھا، پہلے good or bad MQMنہیں ہے، MQMایک ہی ہے۔ان کیpolicyوہی نسلی تضاد پر مشتمل ہے۔ ہم ان کو کہتے ہیں کہ قومی دھارے میں آئیں، یہ ہمارے دوست ہیں اور اس طرح سے صوبے کی سالمیت کے خلاف سازش نہ کریں کیونکہ اس وقت سندھ کے تمام عوام serious ہیں اور آپ نے اُن کے sentimentsکوhurtکیا ہے۔ کراچی سندھ کاcapitalرہا ہے، پہلے دیبل تھا پھر کراچی بنااور یہ ہمیشہ رہے گااور سندھ اسمبلی ایک سو سال تو کیا، پانچ سو سال بھی یہresolution passنہیں کرے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ جناب۔جی سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں دونوں اطراف کو موقع دے رہا ہوں۔آپ کو بھی موقع دوں گا۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ پریذائیڈنگ آفیسر صاحب۔ بہت مہربانی۔ بات ایسی ہے کہ یہ ملک اس وقت ایک سیاسی بحران سے گزر رہا ہے۔ ایک معاشی یعنی economic بحران سے گزر رہا ہے۔ یہ ملک اس وقت eastern and western borders, دونوں کے بحرانوں اور اُس کی تکالیف سے گزر رہا ہے۔ اگر terrorism کے حوالے سے دیکھا جائے تو صرف ایک سال میں مختلف چھوٹے اور بڑے پچیس دہشت گرد حملے ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو latest باجوڑ اور بنوں کا attack ہوا ہے جس میں دوبارہ تقریباً چودہ سے پندرہ لوگ شہید ہوئے ہیں، اُن کے لیے بھی آج یہاں فاتحہ خوانی نہیں کی گئی ہے۔ ایک تو میں اُس حوالے سے، معذرت کے ساتھ، کہنا چاہتا ہوں کہ جب اسلام آباد یا لاہور میں کہیں خون بہتا ہے تو ہم یہاں ضرور ذکر کرتے ہیں لیکن یہاں ہماری armed forces کا، ہماری لیویز کا، ہمارے پولیس والوں کا اور ہمارے civilian کا جو خون بہا ہے، وہ بھی لال خون ہے اور اُس میں بھی اُتنی ہی گرمائش ہے۔ تو سب سے پہلے میں درخواست کروں گا کہ اُس کے لیے دعا کی جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی مولانا واسع صاحب! دعا کروا دیں۔

(اس موقع پر سینیٹر عبدالواسع نے باجوڑ اور بنوں کے شہداء کے لیے فاتحہ خوانی کروائی)

سینیٹر محسن عزیز: ایک تو یہ کہ اس کی احتیاط کی جائے کہ خون چاہے خیبر پختونخوا میں بہے، یا سندھ میں بہے یا پنجاب میں بہے یا پھر اسلام آباد میں بہے، خون ہمارا ہی ہے اور ہمارے خون کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ ہم سب پاکستانی ہیں۔ جناب، بات یہ ہے کہ یہاں پر بعض اوقات مختلف قسم کی گفتگو ہوتی ہے جیسا کہ آج سندھ پر بات ہو رہی ہے۔ میں سندھ پر کوئی اختلاف نہیں رکھتا لیکن اُس وقت بھی بات کرنی چاہیے تھی جب لوگ یہاں پر آ کر یہ بات کرتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں terrorists کون سی party لے کر آئی ہے؟ وہاں پر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ آج سے تیس یا پینتیس سال پہلے جب ایک ملک نے فاتح بننے کی کوشش کی تھی اور وہاں پر طالبان بنے تھے، تو اُس وقت وہاں کے مہاجرین کو کس نے جگہ دی تھی۔ اُس وقت کون سا صوبہ تھا جس نے اُنہیں پناہ دی تھی اور وہ کون سا صوبہ تھا جس نے کہا تھا کہ وہ اٹک کے اس پار نہیں آئیں گے اور ان کو نہیں چھوڑا جائے گا۔

اس پر بھی بات ہونی چاہیے کہ اُس دن سے اس صوبے کا downfall شروع ہوا تھا۔ یہ ایک ویسا ہی پھلتا پھولتا صوبہ تھا کہ جیسے کہ پاکستان پھل پھول رہا تھا۔ وہ بھی اُس میں کسی disparity کا شکار نہیں تھا۔ اُس کے بعد اُس صوبے میں تباہی کا آغاز ہوا۔ جو طالبان تھے انہیں مجاہدین کہا گیا اور بعد میں انہیں ہی دہشت گرد کہا گیا۔ اس وجہ سے وہ ایک صوبہ disparity and disappointment میں نیچے جا چکا ہے۔ اس پر کئی بار یہاں بات بھی ہوئی لیکن جب اس طرح کی گفتگو ہوتی ہے تو ہمارا پنجاب جو ہمارا بڑا صوبہ بھی ہے اور بڑا بھائی بھی ہے، اُسے اس انداز میں بات نہیں کرنی چاہیے۔

پچھلے دنوں میں یہاں بیٹھا سن رہا تھا اور بہت سی باتیں ایسی ہوئیں جن کے جواب میرے دل میں موجود ہیں مگر میں یہاں زیادہ کہنا نہیں چاہتا۔ اس سال اگر آپ دیکھیں کہ جو terrorist activities ہوئی ہیں اُن کا حل نکالنے کی ضرورت ہے۔ ہم کس طرف جا رہے ہیں؟ تقریباً دو سو پانچ ہمارے لوگ، ہمارے بچے، ہمارے فوجی اہلکار، ہمارے لیویز کے لوگ، ہمارے پولیس والے شہید ہوئے ہیں اور دوسری طرف تقریباً ڈھائی سو دہشت گرد بھی مارے گئے ہیں۔ یہ تو اس کا حل نہیں ہے۔ ہم تو ایک layman اور ایک sitting duck کی طرح یہاں موجود ہیں اور وہ تو کہاں کہاں پر جا کر کس طرح کی activities کر رہے ہیں۔ اس کے لیے ہمیں یہاں اس پارلیمان میں بیٹھ کر اس کو discuss کرنا چاہیے کہ ہم اگر ہر روز صرف فاتحہ کروا کر اور تقاریر کرکے یہاں سے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں تو یہ ہمارے لیے کوئی اچھی بات نہیں ہے۔

اب یہاں ایک قیدی کی اور انسانی حقوق کی بات ہو رہی ہے۔ یہاں پر ایک قیدی کے rights کی بات ہو رہی ہے۔ یہ بات ہو رہی ہے کہ ایک آدمی ہے، ایک قیدی ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت وہ ناکردہ گناہ میں قید ہے۔ وہ انسان ہے، ہو سکتا ہے کہ اُس سے کوئی اور غلطی ہوئی ہو لیکن رانا صاحب! جو مقدمات اُس پر بنائے گئے ہیں وہ اُن میں قید نہیں ہے۔ وہ ناکردہ گناہ میں قید ہے اور اُس ناکردہ گناہ کا آپ کو بھی پتا ہے اور مجھے بھی پتا ہے کہ اُس نے اسلام کا نام کافی جگہ اور کافی زیادہ لیا تھا۔ ایک اُس کا یہ گناہ بھی کافی بڑا ہے۔

اب ایسے میں جب آپ یہ بات کریں کہ جی وہ اللہ سے معافی مانگے تو وہ ہر روز اللہ سے معافی مانگتا ہے لیکن بات یہ ہے کہ اس وقت آپ زور میں ہیں، آپ طاقت میں ہیں، اس لیے آپ کی طرف سے ایسی بات مجھے اچھی نہیں لگتی۔ وہ اس وقت آپ سے کیا مانگ رہا ہے؟ کیا وہ آپ سے باہر جانا مانگ رہا ہے؟ کیا وہ آپ سے گھر جانے کی اجازت مانگ رہا ہے؟ وہ تو آپ سے ایک genuine demand کر رہا ہے کہ اُسے اپنی پسند کے اس ملک کے اندر ڈاکٹر اور ہسپتال میں علاج کی سہولت دے دی جائے۔ وہ نہ تو باہر کے کسی ڈاکٹر کا مطالبہ کر رہا ہے اور نہ ہی باہر

جانے کی باتیں کر رہا ہے جیسا کہ لوگ کیا کرتے تھے اور وہ ہم سن چکے ہیں۔ میں اس طرح کی گفتگو میں نہیں جانا چاہتا اور اس لیے نہیں جانا چاہتا کہ آپ اس وقت زور میں ہیں، تو آپ یہ بات نہ کریں۔ میں بس یہاں اپنی بات کو ختم کرنا چاہتا ہوں کہ ان باتوں کو بنیاد بنا کر یہ جواز نہ بنائیں کہ ہمیں سپریم کورٹ جانا چاہیے۔ یہ ایک جائز حق ہے۔ یہ کوئی غیر جمہوری بات نہیں، یہ کوئی غیر آئینی یا کوئی غیر اسلامی چیز نہیں مانگی جا رہی کہ جس کے لیے ہمیں عدالتوں کے دروازے کھٹکھٹانے پڑیں۔

اب یہاں قوم اتنے بحران میں ہے تو لوگ آج کل جہاز کی بات کر رہے ہیں کہ جی Gulfstream خرید لیا گیا۔ وہ Gulfstream دس یا گیارہ ارب روپے کا خرید لیا ہے تو کیا ہو گیا ہے بھائی۔ وہ صرف دس یا گیارہ ارب روپے ہی تو ہیں۔ اگر وہ Boeng 737 خرید لیتے، اگر وہ Boeing A380 خرید لیتے کہ اس میں مجھے bedroom بھی چاہیے، مجھے dining room بھی چاہیے، کم از کم اس میں ایک bulletproof گاڑی بھی سوار ہو سکے تو کیوں نہ لیا جائے۔ میں تو کہتا ہوں کہ لینا چاہیے۔ بالکل لینا چاہیے۔ لیں، ایک نہیں دو دو لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب، باقی سارے دوستوں نے بھی بولنا ہے۔ پلیز محسن عزیز صاحب! سارے دوستوں نے بات کرنی ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر محسن عزیز: اس لیے میں کہہ رہا ہوں کہ آپ نے بہت اچھا کیا ہے۔ آپ ایک اور جہاز بھی لیں۔ آپ کے پاس پیسے ہیں، آپ ملک کو ترقی کی طرف لے کر جا رہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: میں ایسا کیا کہہ رہا ہوں؟ میرے بھائی! میں تو کہہ رہا ہوں کہ ایک اور جہاز لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن عزیز صاحب! Chair سے مخاطب ہوں۔ ابھی سب دوستوں نے بھی بات کرنی ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: میں تو یہاں کہہ رہا ہوں کہ غلطی ہو گئی ہے، آپ 737 خرید لیتے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن عزیز صاحب! ابھی سب دوستوں نے بات کرنی ہے۔ آپ ویسے بھی زیادہ وقت لے چکے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب، میں تو جہاز کی تعریف کر رہا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ ہمیں بھی اُس میں بیٹھنے کا موقع مل جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ جی سینیٹر وقار مہدی صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحبہ، میں list کے مطابق چل رہا ہوں۔ آپ کو موقع دوں گا۔ آپ کو بالکل موقع ملے گا۔ میں نہیں جاؤں گا۔ سینیٹر صاحبہ، آپ کو ضرور موقع دوں گا۔ تمام معزز سینیٹر صاحبان بیٹھے ہیں۔ (جاری۔۔۔۔۔T11)

T11-23Feb2026 Naeem Bhatti/Ed: Shakeel3:40 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحبہ! میں list کے مطابق چل رہا ہوں، آپ کو بالکل موقع دوں گا۔ تمام سینیٹر حضرات بیٹھے ہوئے ہیں، آپ کو موقع دوں گا، میرا آپ سے وعدہ ہے۔ جی مہدی صاحب۔

سینیٹر وقار مہدی: شکریہ، جناب چیئرمین! میں ابھی دیکھ رہا تھا کہ سینیٹر ضمیر گھمرو صاحب نے ساڑھے چار منٹ تقریر کی، ادھر آٹھ منٹ کی تقریر ہو گئی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم کوشش کر رہے ہیں کہ تمام دوستوں کو موقع دیں۔ میری تمام دوستوں سے درخواست ہے کہ وقت کا خیال رکھیں۔

**Senator Waqar Mehdi**

سینیٹر وقار مہدی: جناب چیئرمین! میرے فاضل دوست ضمیر گھمرو صاحب نے point of public importance پر صوبہ سندھ کے حوالے سے بات کی۔ Governor House, Karachi میں ایک education conference منعقد کی گئی، اس conference میں education کے حوالے سے کوئی لفظ نہیں تھا، کوئی جملہ نہیں تھا، وہاں پر وفاقی وزیر برائے تعلیم تشریف فرما تھے، ان کے under وفاقی وزارت کے تعلیمی ادارے آتے ہیں، ان کا تعلق کراچی سے ہے اور کراچی میں وفاقی اردو یونیورسٹی ہے جس کے کراچی میں two campus ہیں، ایک گلشن اقبال میں اور دوسرا مولوی عبدالحق campus جو old city area, Civil Hospital کے پاس ہے۔ جناب والا! اگر وہ education conference تھی تو کیا اس میں تعلیم کی بہتری کے لیے کوئی بات ہوئی،

نہیں ہوئی۔ اس تعلیمی ادارے کا وہ حال ہے کہ جہاں اساتذہ پریشان ہیں، جہاں طلباء پریشان ہیں، جہاں non-teaching staff پریشان ہے، وہاں پر وفاقی وزارت تعلیم کی کوئی توجہ نہیں ہے، اس یونیورسٹی کا بیڑا غرق ہے، وہ تاریخی اردو یونیورسٹی ہے۔

جناب والا! ایک منصوبے کے تحت وہ کانفرنس منعقد کی گئی جہاں سندھ کی تقسیم کی بات کی گئی، کراچی کو علیحدہ کرنے کی بات کی گئی جس کی جتنی مذمت کی جائے، وہ کم ہے۔ میں صوبائی اسمبلی کے ممبران اور بالخصوص وزیراعلیٰ مراد علی شاہ صاحب کو خراج تحسین پیش کروں گا، جنہوں نے وہاں تاریخی قرارداد پیش کی، اس تاریخی قرارداد کے ذریعے یہ بتایا گیا کہ کراچی صوبہ سندھ کا اٹوٹ انگ ہے، اسے کوئی مائی کا لعل علیحدہ نہیں کر سکتا۔ کراچی صوبہ سندھ کا دارالخلافہ ہے، کراچی صوبہ سندھ کا integral part ہے، پتا نہیں انہیں خواب آتا ہے اور شروع ہو جاتے ہیں، کبھی جناح پور کا منصوبہ لے کر آجاتے ہیں، کبھی کچھ لے کر آجاتے ہیں۔ یہاں بتایا گیا کہ ایم کیو ایم ہر وفاقی حکومت کا حصہ رہی ہے، ان کے کراچی میں تین میئرز آئے، فاروق ستار صاحب 1987 میں آئے، مصطفیٰ کمال صاحب 2005 میں آئے اور 2015 میں وسیم اختر صاحب میئر آئے۔ تین میئر جماعت اسلامی کے آئے، دو مرتبہ عبدالستار افغانی آئے اور ایک مرتبہ نعمت اللہ خان صاحب آئے۔ مجھے بتائیں ان تمام لوگوں نے کراچی کو کیا دیا؟ 2002 میں یہ بلاشرکت غیرے ارباب رحیم کی حکومت سندھ کا حصہ تھے، وفاق سے funds بھی مل رہے تھے۔ یہ ہر حکومت کا حصہ رہے لیکن وفاق سے کراچی کے، صوبہ سندھ کے ایک بھی شہری کو نوکری نہیں دلاسکے۔ یہ ثابت کریں کہ انہوں نے وفاقی حکومت سے کراچی کے لوگوں کو نوکریاں دلوائیں، کراچی کے لیے funds لیے؟ یہ عمران خان کی حکومت کا حصہ تھے، Governor House میں meetings کرتے تھے، عمران خان کراچی کو گیارہ سو ارب روپے دیں گے، ایک سو پینسٹھ ارب روپے دیں گے، کچھ بھی نہیں دیا۔

پاکستان پیپلز پارٹی نے کراچی کی development کی ہے، آج اگر وہاں شاہراہ بھٹو بنتی ہے، سڑکیں تعمیر ہو رہی ہیں یا fly overs بن رہے ہیں تو پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے اپنے محدود وسائل کے باوجود وہاں کے ترقیاتی کام کیے۔ کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے میئر کو تین سال ہوئے ہیں، ان تین سالوں کو موازنہ ایم کیو ایم اپنے تین میئرز کے ساتھ کرلے، میں challenge کرتا ہوں کہ ہم نے تین سالوں میں جتنا کام کیا، انہوں نے تیس سالوں میں بھی نہیں کیا ہوگا کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ پیپلز پارٹی نے اس بات پر سیاست نہیں کی یا خدمت نہیں کی کہ ہمیں وہاں سے ووٹ نہیں ملے، ہم نے لیاقت آباد کی خدمت کی، ہم نے ناظم آباد کی بھی خدمت کی ہے۔ جب ذوالفقار علی بھٹو شہید وزیراعظم تھے تو انہوں نے ناظم آباد میں عباسی شہید ہسپتال بنوایا، لیاقت آباد میں super market بنوائی۔ بے نظیر بھٹو شہید آئیں تو انہوں نے کراچی کو ایک سو اکیس ارب روپے کا package دیا۔ آپ بتائیں کہ آپ کے credit میں کیا ہے، سوائے لاشیں، خون

خرابہ، آگ، جلاؤ گھیراؤاور کیا ہے۔ آپ اس طرح کی سازشی سیاست نہ کریں، آپ ہمارے بھائی ہیں، جو مہاجر ہندوستان سے آئے تھے، سندھ کے لوگوں نے انہیں گلے لگایا۔ بھٹو شہید نے اردو بولنے والوں کو سندھی قرار دیا تھا۔ سندھ اسمبلی میں جو قرارداد pass ہوئی، میں اس کی بھرپور حمایت کرتا ہوں، انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ کسی نے بھی صوبہ سندھ کی تقسیم پر میلی آنکھ ڈالنے کی کوشش کی تو سندھ کے ساتھ، سندھ کے عوام اس سے حساب لیں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

**Senator Khalida Ateeb**

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین! یہاں بہت گرما گرم بحث چل رہی ہے کہ سندھ اسمبلی میں ایک قرارداد منظور ہوئی جو سندھ کی تقسیم کے متعلق تھی۔ میں یہاں ایک بات کی وضاحت کرنا ضروری سمجھتی ہوں کہ سندھ کی تقسیم ان کے ذہنوں میں پتا نہیں کیوں سوار ہے، ہم نے آئین اور قانون کے مطابق ایک انتظامی یونٹ بنانے کی بات کی ہے جس کی پاکستان کا آئین اور قانون اجازت دیتا ہے کہ جب مسائل بڑھ جائیں، آبادی بڑھ جائے تو انتظامی یونٹ بن سکتے ہیں اور انتظامی یونٹ کی ہی بات کی گئی ہے، سندھ کو تقسیم کرنے کی بات تو انہوں نے کی ہے۔ انہوں نے سندھ کو شہری اور دیہی میں تقسیم کیا، حکومتی سطح پر اخبارات میں جو بھی advertisement ہوتی ہے، اس میں لکھا ہوتا ہے کہ شہری علاقوں کے لوگ، خاص طور پر کراچی کے لوگ apply نہ کریں۔ آپ Sindh Secretariat میں چلے جائیں، آپ کو وہاں ratio کا پتا چل جائے گا، وہاں 90% لوگ سندھی بیٹھے ہوئے ہیں، مہاجروں یا اردو بولنے والوں کے لیے وہاں کوئی جگہ نہیں ہے، یہ تقسیم کس نے کی ہے، یہ تقسیم ہم نے نہیں کی، quota system کون لایا، اس پر کون عملدرآمد کروا رہا ہے؟ یہ ہم نے نہیں کیا یہ سندھ حکومت نے کیا۔

جناب والا! میں یہاں اس بات کی وضاحت دوبارہ دینا چاہوں گی کہ ہم حقوق کی بات کرتے ہیں، آپ سندھ حکومت میں رہتے ہوئے، سندھ کے حدود اربعہ میں رہتے ہوئے، ہمیں ہمارے حقوق دیں، ہمیں کسی بات سے کوئی مطلب نہیں ہے۔ جب ہمارے حقوق پر قبضہ کیا جائے گا، ہمارے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ ہوتے ہوئے نوکریاں نہیں دی جائیں گی، ہم پر زندگی کے دروازے بند کیے جائیں گے، بنیادی سہولتوں سے محروم رکھا جائے گا تو ہم انتظامی یونٹ بنانے کی بات کریں گے۔ ہم نے سندھ کو تقسیم کرنے کی بات کبھی نہیں کی لیکن جو قرارداد منظور ہوئی ہے، وہ پاکستان کے آئین اور قانون کی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان کا آئین اور قانون انتظامی یونٹ کا کہتا ہے۔ اس بات کی گونج پورے پاکستان میں سنائی دے رہی ہے کہ ہر صوبے میں انتظامی یونٹ بنائے جائیں۔ بلوچستان کے ساتھ زیادتیاں ہو رہی ہیں، وہاں انتظامی یونٹ بنائے جائیں، پنجاب میں زیادتیاں ہو رہی

ہیں۔ پنجاب میں سرائیکی صوبے کی بات ہو رہی ہے یا نہیں ہو رہی؟ وہاں کیوں نہیں کہا جاتا کہ پنجاب کو تقسیم کرنے کی بات ہو رہی ہے۔ انتظامی یونٹ پاکستان کے شہریوں کا حق ہے، انہیں آئین اور قانون اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ انتظامی یونٹ بنائے جائیں۔ ہم نے کبھی بھی انتظامی یونٹ کی مخالفت نہیں کی، ہم پاکستان کی حدود میں رہتے ہیں، ہم نے پاکستان بنایا ہے، ہم پاکستان یا پاکستان کے صوبوں کو توڑنے کی بات کیسے کریں گے، ہم کبھی بھی یہ نہیں کرتے، یہ ان لوگوں کے اپنے ذہنوں کی اختراع ہے۔

جناب چیئرمین! انہوں نے ابھی کہا کہ تین میئر رہے اور انہوں نے وہ development نہیں کی جو انہوں نے تین سالوں میں کی، آپ دیکھیں کہ کراچی تین سالوں میں کھنڈر بن گیا، آپ مصطفےٰ کمال کے زمانے کی development کو سامنے رکھیں اور اپنے دور کی development کو سامنے رکھیں، وزیراعلیٰ سندھ کے پاس کتنے محکمے ہیں؟ کیاان کے پاس کوئی بھی capable person نہیں ہے کہ وہ یہ محکمے انہیں دے سکیں؟ تمام اختیارات کو ایک جگہ مرتکز کرنا اور ان سے کام نہ لینا۔ وزیراعلیٰ سندھ کو انصاف سے کام لینا چاہیے۔ میں اُس قرارداد کی نہ صرف مخالفت کرتی ہوں بلکہ انتہائی درجے پر آکر اسے reject کرتی ہوں کیونکہ یہ قرارداد آئین کے خلاف ہے، پاکستان کے قانون کے خلاف ہے کیونکہ پاکستان کاآئین اور قانون انتظامی یونٹ بنانے کی اجازت دیتا ہے۔ (جاری۔۔۔۔۔۔T/12)

T12-23Feb2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 3:50 PM

سینیٹر خالدہ اطیب: (جاری۔۔۔۔) تمام اختیارات کو ایک جگہ پر مرتکز کرنا اور ان سے کام نہ لینا، سندھ کے وزیرِاعلیٰ صاحب کو انصاف سے کام لینا چاہیے۔ میں اس قرارداد کی نہ صرف مخالفت کرتی ہوں بلکہ انتہائی درجے پر اس کو reject کرتی ہوں کیونکہ یہ قرارداد آئین کے خلاف ہے، پاکستان کے آئین کے خلاف ہے، پاکستان کے قانون کے خلاف ہے۔ پاکستان کاآئین اور قانون انتظامی unit بنانے کی اجازت دیتا ہے۔ ہمیں جب حقوق نہیں ملیں گے، ہمارے بچوں کو نوکریاں نہیں ملیں گی، ہمارے بچوں کو اچھی جگہوں پر داخلے نہیں ملیں گے، ہم انتظامی unit کی بات کریں گے۔ کراچی revenue pay 97% کرتا ہے۔ کراچی کو development کے لیے کتنے پیسے دیے جاتے ہیں؟ اس کو NFC Award میں کتنا دیا جاتا ہے؟ یہ سب کے سامنے موجود ہے۔ ایسا ظلم نہ کریں 97% سندھ کو دیتا ہے، جتنا پورا سندھ revenue pay کرتا ہے، اتنا صرف ہمارا لیاقت آباد pay کرتا ہے۔ یہ چیز ذہنوں میں رکھنی چاہیے کہ جو لوگ revenue pay کرتے ہیں، انہیں ان کی development کے لیے پیسہ دینا چاہیے تاکہ وہ مطمئن ہوں اور اپنے تمام معاملات بہتر طریقے سے چلا سکیں۔ اگر عوام مطمئن نہیں ہوں گے تو عوام باہر نکلیں گے، سڑکوں پر آکر فیصلہ کریں گے کیونکہ یہ معاملات ہم چاہتے ہیں کہ table پر بیٹھ کر ہی حل ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر خالدہ اطیب: ہم چاہتے ہیں کہ ایک جگہ بیٹھ کر تمام معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے، کسی بھی قسم کا کوئی انتشار پیدا نہ ہو، لیکن اگر ہم پر بات چیت کے دروازے بند کیے جائیں گے تو پھر فیصلہ سڑکوں پر ہوگا۔ میں اپنی بات کو اس پر ختم کروں گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، سینیٹر صاحبہ پلیز۔

سینیٹر خالدہ اطیب: یہ بہت خوبصورت شعر ہے۔ اس کے بغیر بات ختم نہیں ہوگی۔

کہ اپنا دستور ہے دشمن کو دعا بھی دینا اور ظالم کو بھرپور سزا بھی دینا

دوسرے گال پر تھپڑ نہیں کھاتے ہم لوگ، احتیاطاً یہ ستمگر کو بتا بھی دینا

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ماشاء اللہ۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب پلیز۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ویسے ہم enjoy کر رہے ہیں کہ treasury آپس میں ایک دوسرے پر بھرپور firing کر رہی ہے۔ ویسے لگتا ہے کہ یہ fixed match ہے۔ non-issues میں لوگوں کو الجھایا جائے۔ صوبہ بن رہا ہے صوبہ نہیں بن رہا، صوبوں کی تقسیم ہو رہی ہے، صوبوں کی تقسیم نہیں ہو رہی۔ اُن کو non-issues میں involve کرکے، لوگ آٹا، روٹی، دال جو ضروریاتِ زندگی ہیں وہ بھول جائیں اور یقیناً treasury کے ہاتھوں کم از کم اس حد تک کامیاب ہیں کہ عوام باقی معاملات بھول گئے ہیں۔ اب ہم اس معاملے میں لگے ہوئے ہیں کہ کون سے صوبے کی تقسیم ہونی ہے، کون سے صوبے کی نہیں ہونی۔

جنابِ چیئرمین! آپ آج جب preside کر رہے ہیں، ایک طرف یہ بحث جاری ہے، دوسری طرف صوبہ بلوچستان اور صوبہ خیبر پختونخوا، ملک almost ڈوب رہا ہے۔ ہم بانسری تو نہیں بجا رہے مگر پتا نہیں کیا کر رہے ہیں اور اس کے لیے ہم کوئی ایسا کام کم از کم نہیں کر رہے جس سے ملک کے مفاد میں کوئی اچھا کام ہو۔ پہلے حادثے ہوتے تھے، ایک حادثے اور دوسرے حادثے کے درمیان۔ جب درمیان میں حادثے ہوا کرتے تھے ان حادثات کے لیے آتے ساتھ ہی ہم فاتحہ اور دعا کروادیا کرتے تھے۔ اب حادثے اتنے تواتر کے ساتھ ہوتے ہیں کہ دعا بھول گئی ہے۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب نے نشاندہی کی اس پر دعا ہوئی، یقیناً شہداء کے لیے دعا ہوئی، باقی جوان تھے ان کے لیے پھر بھول گئے۔ کوئی بات نہیں ہے جب حادثے زیادہ بڑھ جاتے ہیں، جب درد بڑھ جاتا ہے، پھر بہت ساری چیزیں لادوا ہو جاتی ہیں۔

جناب والا! میں آپ کی توجہ ایک ایسے مسئلے کی طرف دلوانا چاہ رہا تھا باقی میرا موضوع نہیں تھا۔ آج آپ نے بھی دیکھا ہوگا کہ firewall والا معاملہ چالیس ارب روپے سے firewall لگی تھی، جس سے لوگوں کے social media کو control کرنا تھا، خاص طور پر میرے دائیں بائیں زیادہ بیٹھے ہیں ان لوگوں کو control کرنا تھا۔ ہمارا کوئی قصور نہیں تھا۔ ان کو control کرنے کے لیے چالیس ارب روپے لگا یا گیا تھا۔ آج خبر تھی، میرا خیال تھا کہ اس کی تردید آ جائے گی چالیس ارب روپے بہت ہوتے ہیں۔ ہمارے لیے جو بلوچستان میں رہنے والے ہیں ان کے لیے تو بہت ہی زیادہ ہوتے ہیں ناں۔ ہم نے تو دیکھا نہیں، ہم نے عین والا عرب دیکھا ہے، الف والا ارب تو دیکھا ہی نہیں۔ چالیس ارب میرا خیال تھا کہ اس کی تردید آ جائے گی کہ نہیں نہیں، وہ ابھی بھی effective ہے۔ اُس وقت اِس کے بہت سارے فضائل گنوائے گئے تھے کہ اس کے بہت فضائل ہوتے ہیں۔ اس سے پاکستانی عوام کو باقی سہولتیں ہوں گی ان کا social media پر control ہوگا ہی ان کا پیٹ بھی بھر جائے گا، کسی کا پیٹ خیر کیا بھرنا تھا۔

جناب والا! آج کی خبر یا کل شام سے خبر گردش کر رہی ہے کہ firewall ختم کر دی گئی ہے۔ وہ firewall گر گئی ہے۔ یعنی چالیس ارب روپے گئے بھاڑ میں۔ اگر ہم اتنے عرصے میں چالیس چالیس ارب روپے کرکے اس کو بھاڑ میں ڈالتے جائیں تو ہمارے جیسی امیر قوم میں اللہ کے فضل سے اُن کی یہ حرکتیں ہوتی ہیں اسی لیے ان کی عمارت زیادہ دن دگنی رات چگنی ترقی کرتی ہے اور وہ دونوں ہاتھ ساتھ جھولی بھی لے کر لوگوں سے خیرات مانگنے کے لیے گلی گلی، محلے محلے، ہر ایک کے سامنے پھرتے ہیں۔ اُس کا پھر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی ہمیں کبھی roll over کر دیتا ہے کبھی roll over نہیں کرتا۔ یہ چیزیں ہمارے لیے باعثِ شرم ہیں۔ اس طرح ہم ملک کو برباد کر رہے ہیں۔ بہت چھوٹے چھوٹے معاملات ہیں۔ اپوزیشن لیڈر صاحب کہہ رہے تھے کہ عمران خان کا issue میرا خیال ہے کہ Shifa International Hospital میں ان کو دس منٹ کے لیے آدھے گھنٹے کے لیے گھنٹے کے لیے لے جا کر اس مسئلے کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کیا جا سکتا تھا۔ علاج تو کرنا ہے آپ Al-Shifa Eye Hospital میں لے جائیں یا کہیں اور لے جائیں مگر کرنا ہے تو کیوں نہیں ان کی اپنی مرضی کا ہسپتال؟ ان چھوٹے چھوٹے مسئلے، مسائل کو ختم کریئے، آیئے آگے بڑھتے ہیں اس ملک کے لیے آگے بڑھتے ہیں۔ اس ملک کا بیڑہ غرق ہوگیا ہے۔ میں نے، آپ نے، سب نے مل کر کیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ، جنابِ چیئرمین! آج رمضان شریف کے مہینے میں دیکھ رہا ہوں کہ non-issues کو اس طرح یہاں بڑھ چڑھ کر پیش کیے جا رہے ہیں۔ اس وقت ملک کی جو صورتحال ہے، دہشت گردی کا سامنا ہے economical مسئلے، مسائل ہیں اُن کو ہم نے پسِ پشت ڈال دیا ہے۔ دشمن تلواریں سیدھی کرکے پاکستان کے خلاف کھڑا ہے مگر ہماری سوچ اس طرف جا ہی نہیں رہی۔ ہم اپنی سیاست چمکانے کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں تو بحیثیت غیر مسلم سمجھتا ہوں کہ پاکستان میری ماں ہے، پاکستان کی دھرتی میری ماں ہے۔ اس وقت پاکستان کی دھرتی لہولہان ہے۔ پاکستان پر غیر ملکی سازشوں کی بھرمار ہے مگر پاکستان کی دھرتی کے ہم بیٹے ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے میں مصروف ہیں۔ یہاں سے بھی دیکھیں opposition سے بھی اور government سے بھی ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچی جارہی ہیں۔ آج تو حد ہو گئی کہ government والے government کی ٹانگیں کھینچ رہے ہیں۔ یہ بہت بڑی بات ہے۔

جناب والا! رمضان شریف کا مہینہ ہے۔ رمضان شریف کو رحمتوں کا مہینہ کہا جاتا ہے۔ رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ جب میں بات کرتا ہوں تو کہتے ہیں کہ ہندو ہو کر اسلام کے بارے میں باتیں کر رہا ہے۔ اسلام نے واضح طور پر کہا ہے، بھائی چارے کا سبق دیا ہے۔ ہر جگہ کہا ہے کہ مسلمان مومن ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہیں۔ یہاں پر Senate ہو یا National Assembly وہ بھائی چارہ کہاں چلا جاتا ہے؟ میں آتا ہوں ماہِ صیام کی طرف، جس طرح ہمیشہ سے ہوتا ہے کہ جیسے ہی ہمارے ملک میں ماہِ صیام، رمضان کا مہینہ آتا ہے مہنگائی کا طوفان آجاتا ہے، پتا نہیں اچانک کہاں سے مہنگائی کا طوفان آجاتا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ رمضان شریف سے پہلے fruit کوڑیوں کے دام بکتے ہیں، وہی رمضان شریف میں سونے کے دام بکنا شروع ہو جاتے ہیں۔ (جاری۔۔۔T13)

T13-23Feb2026 Tariq/Ed: Waqas. 04:00 pm

سینیٹر دنیش کمار۔۔(جاری)۔۔اچانک کہاں سے یہ مہنگائی کا طوفان آجاتا ہے، مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ رمضان شریف سے پہلے جو فروٹ کوڑیوں کے دام بکتے ہیں وہ رمضان شریف میں سونے کے دام بکنا شروع ہو جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں نے سنا ہے، مجھے پتا نہیں ہے کیونکہ یہاں عالم دین بیٹھے ہوئے ہیں کہتے ہیں کہ رمضان شریف میں شیطان بند ہوتا ہے، آپ بتائیں شیطان کی شکل میں یہ مہنگائی، یہ اقرباپروری، پاکستان میں تو شیطان کھلم کھلا گھوم رہا ہے۔ پوری دنیا میں شیطان بند ہوتا ہے لیکن یہاں تو کھلم کھلا گھوم رہا ہے۔ ابھی مجھے پتا نہیں ہے کہ یہ کہاں سے آتا ہے مگر جو لوگ اس رمضان کے مہینے میں مہنگائی کا طوفان لاتے ہیں، چیزیں

stock کر لیتے ہیں کہ رمضان شریف آئے گا تو ہم کمائیں گے تو میں ان کو بتادوں کہ اچانک آج میری نظر سے سورۃ ابراہیم کی آیت نمبر 42 گزری جس میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''اور ہر گز یہ گمان نہ کرو کہ اللہ ظالموں کے اعمال سے غافل ہے'' میں ان منافع خوروں کو بتاؤں جو رمضان شریف میں اپنے مسلم بھائیوں پر منافع خوری کا تیر چلاتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ آیت ان کے لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی حرکات سے غافل نہیں ہے۔ بس جناب آج مجھے اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہنا ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ وزیر برائے پارلیمانی امور۔ ایک issue ہے اس کے بعد میں سب کو بولنے کا موقع دوں گا۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب سینیٹر صاحبہ بات کر لیں، میں بعد میں بات کر لیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں ٹھیک ہے۔ سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ۔

## **Point of public importance raised by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan regarding statement given by the Israeli Prime Minister**

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کی وساطت سے میں ایوان میں بیٹھے تمام اراکین جو اس طرف اور اس طرف بیٹھے ہیں، آپ سب کی توجہ ایک بیان کی طرف مبذول کرانا چاہ رہی ہوں جو اسرائیل کے وزیراعظم نیتن یاہو نے کل اسرائیل میں دیا ہے۔ میں اس کا بیان پڑھتی ہوں ''ہمارا وژن یہ ہے کہ بھارت، عرب ممالک، افریقی شراکت داروں، یونان، قبرص اور دیگر ایشیائی ممالک کو آپس میں جوڑ کر بحیرہ روم اور مشرق وسطیٰ میں ایک strategic اتحاد قائم کیا جائے۔ مقصد ایک ایسا متحد بلاک تشکیل دینا ہے جو خطے کو واضح طور پر دیکھے اور براہ راست نہ صرف انتہاپسند شیعہ محور بلکہ انتہاپسند سنی محور کی بھی مخالفت کرے''۔

جناب چیئرمین! گو کہ ہمارے اندرونی مسائل بھی بہت ہیں جن کی بازگشت یہاں سنائی دیتی رہی ہے لیکن اس بات میں کوئی دو رائے نہیں جو دنیش کمار صاحب نے کہا کہ دشمن نے تلواریں سیدھی کی ہوئی ہیں اور اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ دشمن نیتن یاہو اور مودی، بھارت اور اسرائیل ہیں۔ جناب اس وقت ہمارے ملک میں جو خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے جس میں عام پاکستانیوں کا خون بہایا جارہا ہے، افواج کا خون بہایا جارہا ہے، عام شہریوں کا اور بچوں کا خون بہایا جارہا ہے، مساجد میں نمازیوں کا خون بہایا جارہا ہے، ہماری صفیں خون سے لال ہو رہی ہیں۔ اس وقت اور ان حالات میں جب ہم شدید خطرات کی لپیٹ میں ہیں، سب سے پہلے تو پاک فوج نے جو کارروائی کی اس پر اس ایوان کو انہیں خراج تحسین پیش کرنا چاہیے۔

دوسرا یہ کہ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ ان تمام اموات اور شہداء کے خون بہانے کے پیچھے بھارت اور اسرائیل کا باقاعدہ ہاتھ ہے اور اس کے پیچھے یہ بیان ہے جو میں نے آپ کو پڑھ کر سنایا ہے لیکن میں یہ بھی کہنا چاہوں گی کہ Epstein files کے منظر عام پر آنے کے بعد اس بات میں کوئی شک نہیں کہ جو لوگ بچوں کا خون پیتے رہے، بچوں کا گوشت کھاتے رہے، شیطان کی پوجا کرتے رہے وہ سب سے بڑے دہشت گرد، جانور اور حیوان ہیں۔ شیعہ و سنی کا مطلب یہ ہے کہ وہ پورے اسلام کو اپنے نشانے پر لیے ہوئے ہیں۔ اس وقت ایوان کے دونوں طرف ہم لوگ بیٹھے ہوئے ہیں اور ہم سب مسلمان ہیں اور میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ ایک تو پاکستان کے دفتر خارجہ نے بہت اچھا بیان دیا ہے کہ American Ambassador to Israel نے greater Israel بنانے کی جو بات کی تھی اس کے خلاف بیان دیا ہے تو میں آج اس بیان کے خلاف آپ سے درخواست کرتی ہوں آگے صفوں میں بیٹھے ہوئے اپنے leaders سے درخواست کرتی ہوں، جناب طارق فضل چوہدری صاحب سے request کرتی ہوں، مولانا ناصر عباس صاحب سے request کرتی ہوں کہ اس کے خلاف اس ایوان سے ایک joint resolution جائے اور ہم وہ پہلے مسلمان ملک بنیں جہاں سے سینیٹ اسے reject کرے اور صہیونی ریاست کے مذموم مقاصد اور گھٹیا عزائم کو ہم رد کریں بلکہ یہ بتائیں کہ دہشت گردی اور حیوانیت کا سب سے بڑا محور ان کا ہے جو اپنے بچوں کا گوشت کھاتے رہے اور خون پیتے رہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب آپ بعد میں بات کریں گے؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میں ایک سینیٹر کے بات کرنے کے بعد بات کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر فیصل جاوید صاحب۔

## Point of Public Importance raised by Senator Faisal Javed regarding prevailing political and economic situation in the country

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آج ابھی ادھر کی باتیں سن رہے تھے، یا تو لگ رہا ہے کہ الیکشن قریب ہے کیونکہ ان کی لڑائی شروع ہو گئی ہے یا پھر کسی ترمیم کی کوئی بات ہے کیونکہ ویسے تو حالات سازگار ہی ہوتے ہیں لیکن الیکشن کے قریب جا کر یہ جماعتیں ضرور villain بنتی ہیں اور ایک دوسرے کے خلاف بولتی ہیں لیکن اس کے بعد ٹھیک ہو جاتی ہیں یہ ہم اپنے بچپن سے دیکھ رہے ہیں اس لے پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ اچھی چیز ہے، اختلاف رائے ہونا چاہیے، issues پر بات بھی ہونی چاہیے لیکن باقی یہاں کوئی tension نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! آج یہاں پہلے بھی بات ہوئی اور یہاں سے میں علامہ ناصر عباس صاحب اور محمود خان اچکزئی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ نے آواز اٹھانے کا protest کرنے کا بہت زبردست method لے کر آئے اور پارلیمنٹ کے forum سے آواز اٹھائی۔ ہمارا مطالبہ کیا ہے، آج بھی ہم سپریم کورٹ گئے، ہمارا مطالبہ صرف یہ ہے کہ عمران خان صاحب کا جو جائز حق ہے، ان کا علاج شفاء انٹر نیشنل ہسپتال، ان کے مرضی کی ہسپتال، ان کے ذاتی ڈاکٹرز تک ان کی رسائی اور ان کے خاندان سے ان کی ملاقات، that's it, ہم کوئی اور بات نہیں کر رہے ہیں۔ ہم صرف یہ بات کر رہے ہیں۔اس چیز کو پورا کرنے میں کوئی مذائقہ نہیں ہونا چاہیے، اتنی سی تو بات ہے۔ سپریم کورٹ میں جب رپورٹ بھی آئی اور جو ساری چیزیں آئیں اس پر ابھی تک عمل درآمد نہیں ہوا۔ ہم یہاں سے سپریم کورٹ کے لیے آواز اٹھاتے ہیں اور انہیں مخاطب کرتے ہوئے التجاء کرتے ہیں کہ یہ بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ ہے تو اس طرف توجہ دیں۔

آج اگر ہم دیکھیں تو ہم سارا وقت انہی چیزوں میں لگے رہے ہیں اور ہماری اکانومی کا کیا حال ہے۔ آج بھی آپ نے stock market دیکھی ہو گی، پچھلے پورے ہفتے یا دس دن دیکھیں وہ crash کر رہی ہے، برے حال ہیں۔ ہماری اکانومی بالکل نیچے ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے۔ رمضان شریف ہے، آپ لوگوں کے پاس سڑکوں پر جائیں وہ آپ کو بتائیں گے کہ ان کا برا حال ہے، کچن نہیں چل رہا، بہت برے حالات ہیں۔ اس اکانومی میں عام آدمی کا گزارہ مشکل ہے اور middle class تو بالکل survive ہی نہیں کر پا رہی ہے۔ بجائے اس کے کہ ہم یہاں توجہ دیں، سینیٹر دنیش کمار نے بھی بڑی زبردست بات کی کہ ہم آپس میں لگے رہے ہیں تو ہم نے کب غریب آدمی کی طرف توجہ دینی ہے۔ پہلے ہم بین الاقوامی دوروں کی بات کرتے تھے، وہ data تو ہم کسی اور وقت share کریں گے لیکن یہاں تو اپنے جہاز خریدے جا رہے ہیں۔ ایک طرف تو عوام کا برا حال ہے، ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں ہے، لوگوں کا گزارہ مشکل سے ہو رہا ہے اور دوسرے طرف یہ life style ہے، یہ ہم جیسے ملک کو suit نہیں کرتا۔ اس کے علاوہ بھی حکمرانوں کا جو lifestyle ہے وہ بھی ہم جیسے ملک کو suit نہیں کرتا ہے۔ ہمیں سادگی اپنانی چاہیے، ہمیں اپنے خرچے کم کرنے چاہییں اور ہمیں اپنے غریب اور پسے ہوئے طبقے کے لیے خرچے کرنے چاہییں اور ان کی امداد کرنی چاہیے۔

دنیا بھر میں جب کوئی تہوار آتے ہیں جیسے کرسمس وغیرہ تو وہاں پر غریبوں کے لیے خاص طور پر سیل لگ جاتی ہے، یا انہیں subsidy دی جاتی ہے، ان کی سہولت کے لیے کم قیمت کے packages دیے جائے ہیں، ان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ ہمدردی دکھائی جاتی ہے مگر یہاں پر لوٹ مار کا بازار گرم ہو جاتا ہے۔ جب بھی رمضان آتا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ لوگوں کے پہلے سے زیادہ خرچے ہوتے ہیں، افطاری، سحری، بچوں کی

فیسیں وغیرہ، اس کے خرچے کہاں سے کہاں چلے جاتے ہیں، ایک طرف تو ملک کا یہ حال ہے اور دوسری طرف ہمارا طرز عمل جو بالکل ہمارے جیسے ملک کو suit نہیں کرتا ہے۔۔ (جاری۔۔T-14)

T14-23Feb2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 04:10 p.m.

سینیٹر فیصل جاوید: (جاری۔۔۔۔) یہ بالکل ہمارے جیسے ملک کو شوبھا نہیں دیتا۔ ایک بار پھر میں اپنی بات ختم کرتا ہوں شفا انٹر نیشنل ہاسپٹل، ذاتی ڈاکٹرز تک رسائی، عمران خان کی فیملی سے ان کی ملاقات۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: طارق فضل چوہدری صاحب۔آپ کو ان کے بعد دوں گا، سب کو موقع دوں گا۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs)**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ ایوان میں مختلف موضوعات پر honourable Senators نے بات کی ہے اور وہ گفتگو بھی جاری ہے۔ میں نے آپ سے گزارش کی تھی کہ اجلاس کا کوئی cut-off time بھی مقرر کریں چونکہ سارے سینیٹرز انہوں نے صرف لاجز نہیں جانا ہوتا۔ اسمبلی کا سٹاف ہے، ہماری اسمبلی کی ٹرانسپورٹ ہے تو اس لیے کوئی cut-off time بھی مقرر فرما لیں تاکہ اس درمیان کے تمام honourable Senators بات کر لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وقت تو پانچ منٹ مقرر ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میں زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا۔ میں بڑے اہم موضوع پر بات کر رہا ہوں اگر آپ اجازت دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سب کے لیے پانچ منٹ ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میری گزارش یہ ہے کہ پاکستان کی طرف سے 21 فروری کو افغانستان کے تین صوبوں کے اوپر جو strikes ہوئی ہیں۔ میں اس کے حوالے سے ایوان کو اعتماد میں لوں گا اور چند informations ہیں جو ایوان کے سامنے رکھوں گا۔ میری گزارش یہ ہے کہ 21 فروری کو Pakistan Air Force نے افغانستان کے تین صوبوں کے اوپر جو strikes کی ہیں، اس کا ایک back-ground ہے۔ ہم نے ہمیشہ پاکستان کے اندر جو دہشت گردی ہو رہی ہے اس کے بڑے مصدقہ جو ثبوت ہیں وہ افغانستان کے سامنے رکھے۔ ان کی جو افغان طالبان regime ہے ان کے سامنے رکھے اور متعدد دفعہ ان سے یہ درخواست کی گئی کہ افغانستان سے دراندازی ہو رہی ہے پاکستان میں، ہمارے tribal areas میں اور اس کے بعد اس دہشت

گردی کا جو دائرہ ہے وہ پاکستان کے باقی صوبوں میں اور دارالخلافے تک پھیل چکا ہے، برائے مہربانی اس پر controlکیا جائے۔ ان کی طرف سے کوئی بھی سنجیدہ کوشش اس دراندازی کو اور دہشت گردی کی ان کارروائیوں کو روکنے کے حوالے سے سامنے نہیں آئی اور نہ ہی کسی طرح کی کوئی assurance Government of Pakistan کو دی گئی جب کہ جن مصدقہ معلومات کی میں بات کر رہا ہوں وہ نہ صرف دراندازی کے حوالے سے تھیں جو پاک افغان بارڈر سے تشکیلیں پاکستان میں آتی ہیں۔ ہماری وہاں پر باڑ موجود ہے لیکن ہماری وہاں پر پاک فوج کی جو چوکیاں ہیں ان کے بیچ میں کسی جگہ 10, کسی جگہ 15, کسی جگہ 20 کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ وہ بڑا ایک دشوار گزارterrain ہے اور وہاں سے یہ تشکیلیں باڑ کاٹ کے پاکستان میں آتی ہیں، بعض اوقات باقاعدہ افغانستان کا بارڈر کے نزدیک ان کا areaہے وہاں سے ہماری چوکیوں پر فائرنگ کی جاتی ہے۔ انہیںengage کیا جاتا ہے اور یہ تشکیلیں اور یہ دہشت گرد پاکستان میں داخل ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ وہاں پر جو ان کی محفوظ پناہ گاہیں ہیں، تربیت گاہیں ہیں ان کی بھی locationsہم نے انہیں identify کیں کہ یہ ان کی دہشت گردوں کی اور ٹی ٹی پی اور ان کے ساتھ جو فتنہ الخوارج کے دہشت گرد ہیں اس جگہ کے اوپر ان کی تربیت گاہیں، پناہ گاہیں ہیں لیکن کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ اس کے بعد ایک دفعہ بارڈر پر ہماری جھڑپیں ہوئی اور یہ تھوڑا سا backgroundمیں آپ کو بتا رہا ہوں کہ یہ نوبت کیوں آئی۔ اس کے بعد ہمارے جو دوست اسلامی ممالک ہیں وہ اس میںinvolveہوئے، Qatar involveہوا، Turkiye involveہوااور ہمارے وہاں پرGovernment of Pakistanاور خاص طور پر ہمارے وزیر دفاع ہیں وہ وہاں گئے اور Dohaمیں مذاکرات ہوئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اس میں بھی یہ ہی گزارش کی گئی جو میں آپ کے سامنے رکھ چکا ہوں۔ ایک مطالبہ وہاں پر افغان طالبان regimeکی طرف سے آیا کہ اگر آپ ہمیں 10 ارب روپے دے دیں تو ہم ان کی ان محفوظ پناہ گاہوں اور ان کے ٹھکانوں کو دوسری جگہ، دوسرے بارڈر کی طرف shift کردیں گے۔ یہ ایک طرف تو اعتراف بھی تھا کہ واقعی وہاں پر پناہ گاہیں اور تربیت گاہیں موجود ہیں۔ ہم نے ان سے صرف ایکassuranceمانگی کہ اگر ہم آپ کو10ارب روپے دیتے ہیں، ہم دینے کے لیے تیار ہیں لیکن ہمارے وزیر دفاع نے یہ فرمایا کہ گارنٹی کیا ہے اس بات کی کہ دوبارہ یہاں پر آکر وہ آباد نہیں ہوں گے اور اس کی بھی کوئی گارنٹی

نہیں تھی لہٰذا وہ جو ہمارے مذاکرات تھے وہ کسی نتیجے پر پہنچے بغیر ختم ہوئے۔ ہماری صرف ایک demand تھی کہ ہمیں assure کیا جائے کہ دراندازی نہیں ہوگی۔ وہ assurance زبانی تو دیتے تھے لیکن تحریری طور پر دینے سے انکاری تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اس کے بعد کیا ہوتا ہے، اس کے بعد مسلسل دہشت گردی کی کارروائیاں پاکستان کے اندر جاری ہیں۔ آپ نے دیکھا کہ ہمارے FATA کے area میں جیسے میں نے پہلے بتایا پاکستان کے دوسرے علاقوں میں یہ کارروائیاں ہوئیں اور ابھی lately 6 فروری کو اسلام آباد میں ترلائی کے مقام پر مسجد خدیجۃ الکبریٰ میں جہاں پر جمعہ کی نماز کے دوران حملہ ہوتا ہے، 33 لوگ موقع پر شہید ہوتے ہیں اور چار سے پانچ لوگ جو زخمی تھے وہ بھی اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں لہٰذا شہداء کی تعداد وہاں پر 35, 36 کے قریب ہو گئی ہے۔ اسی طرح بنوں میں اور اس کے بعد باجوڑ میں وہاں پر خودکش حملے ہوئے اور وہاں پر بھی ہمارے سیکیورٹی فورسز کے ادارے ہیں ان کے افسران اور جوانوں کی شہادتیں ہوئیں۔ میں ابھی جو بات کررہاہوں کہ بنوں میں وہاں پر کرنل فراز جن کا تعلق مانسہرہ سے تھا ان کے مناظر دیکھے، ان کی والدہ کی footage میڈیا پر دیکھی انہوں نے یہ فرمایا کہ اگر میرے کوئی اور بیٹے بھی فوج میں ہوتے تو وہ بھی آج میں پاکستان کے لیے قربان کرنے کے لیے تیار تھی۔ ان کے بیٹے کی عمر کوئی غالباً پانچ یا چھ سال ہے اس نے بھی کہا کہ مجھے اپنے والد پر فخر ہے جو کہ میرے ideal تھے کہ انہوں نے اپنی جان پاکستان کے لیے قربان کردی۔ یہ وہ جذبہ ہے جس کا میں نے مختصر ذکر کیا جس کے تحت ہماری یہ فورسز لڑ رہی ہیں، پاکستان کی حفاظت کے لیے ہمارے جوان لڑ رہے ہیں لیکن ہم صرف جنازے اٹھانے کے لیے نہیں ہیں، ہم صرف جنازے پڑھنے کے لیے نہیں ہیں۔ ہمارا یہ مصمم ارادہ ہے پاکستان کی civilian قیادت کا اور ہماری armed forces کا کہ پاکستان اس سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتا لہٰذا یہ جو واقعات میں نے آپ کو بتائے ہیں جو ترلائی میں مسجد پر حملہ ہوا اور اس کے ساتھ ساتھ جو بنوں اور باجوڑ میں خودکش حملے ہوئے ان تمام کے تانے بانے جو ہیں وہ افغانستان کے ساتھ ہیں۔ دو جگہ کے اوپر افغان شہری ہیں، ترلائی میں جس شخص نے حملہ کیا اس کا جو کنٹرول تھا اس کے جو handler تھے وہ بھی سارے افغانی تھے لہٰذا یہ فیصلہ کیا گیا کہ ایک فیصلہ کن جواب افغانستان کو دیا جائے۔ اس کے نتیجے میں افغانستان میں 21 فروری کو ان کے تین صوبوں میں ننگرہار میں، پکتیکا اور خوست میں ہماری Air Force نے air strikes کیں اور وہاں پر 100 سے زائد کثیر تعداد میں جو ان کے operational heads level کے الخوارج اور جو دہشت گرد نیٹ ورک کو کنٹرول کرنے والے دہشت گرد تھے ان کی ہلاکتوں کی اطلاع ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں یہ بھی عرض کردوں کہ یہ جو strikes تھیں یہ intelligence based تھیں اور یہ بہت precise strikes تھیں۔ ان کے اوپر جو یہ جھوٹا propagandaکیا جا رہا ہے کہ وہاں پر کوئی civilians hit ہوئے ہیں یا وہاں پر کوئی مساجد اور مدارس تھے ایسی قطعی طور پر کوئی بات نہیں ہے۔ میں بالکل ذمہ داری سے گورنمنٹ کی طرف سے یہ بات کر رہا ہوں کہ وہ صرف ان کی محفوظ پناہ گاہیں تھیں، وہ ان کے تربیتی کیمپ تھے جن کو کبھی وہ مدارس کہتے ہیں، کبھی مساجد کہتے ہیں اور یہ اتنے بے حس لوگ ہیں کہ یہ اپنیfamilies کو، اپنے بچوں کو shieldکے طور پر استعمال کرتے ہیں لیکن پاکستان اب جو ہے اس سلسلے میں determined 100%ہے کہ ہم اپنے خلاف دہشت گردی کی بار بار یہ کارروائیاں ہو رہی ہیں۔ ہم ویسے تو افغانستان کوآج بھی یہ کہتے ہیں کہ ہم امن کی بات کرتے ہیں آپ بھی امن کی بات کریں لیکن اگر آپ کی طرف سے یہ دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رہیں گی تو پاکستان یہ حق رکھتا ہے کہ وہ اپنے دفاع کے لیے، اپنے right of self defenceکے لیے یہ کارروائیاں کرے اور دہشت گردوں کے اوپر وہاں پر strikes کرے۔

میں آخر میں یہ عرض کروں گا کہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ وہ پاکستان کے دفاع کو کمزور کریں گے۔ اس طرح کے حملوں سے ہماری ہمت کو پست کر دیں گے۔ پاکستان کے دفاع کو ہمارے civiliansنے اور ہماریarmed forces کے جوان اور افسران ہیں ان کے لہو نے مضبوط کیا ہے۔ پاکستان کے ایک ایک شہید کا خواہ وہ civilianہو، خواہ وہ ہمارا سیکیورٹی فورسز سے ہو اس کے خون کا بدلہ لیا جائے گا۔ پاکستان کے ایک ایک چپے کا دفاع کیا جائے گا اور اس کے ساتھ میں یہ عرض کروں کہ ہماری جو civilianقیادت ہے، ہمارے پرائم منسٹر جناب شہباز شریف صاحب، ہماری عسکری قیادت ہے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب اور پاکستان کی عوام بالکل committedہیں کہ جب تک دہشت گردی کا پاکستان سے خاتمہ نہیں ہوتا، ایک ایک دہشت گرد کا خاتمہ نہیں ہوتا قوم اور ہمارے ادارے ان شاء اللہ تعالیٰ بالکل تیار ہیں اس جنگ سے لڑنے کے لیے اور یہ جنگ صرف پاکستان کی نہیں ہے۔ یہ جنگ پوری دنیا میں پھیل رہی تھی جس کی پاکستان first line of defenceہے اور میں آخر میں ان شہداء کیfamilies کے ساتھ، میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جن کے گھروں میں اپنے جوان افسران اور ان کے بیٹوں کے جنازے جاتے ہیں اور وہ یہ کہتے ہیں کہ پاکستان کے لیے ہمارے مزید بیٹے بھی قربانی کے لیے حاضر ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ میں

ان جوانوں اور افسروں کو ان کے خاندانوں کو بھی میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جن ماؤں نے یہ جوان بہادر بیٹے پیدا کیے جو آج وطن عزیز کی حفاظت کے لیے اپنی جان کے نظرانے پیش کر رہے ہیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you! Senator Rubina Qaim Khani.

مولانا صاحب آپ بیٹھ جائیں ان کے بعد آپ کی باری ہے۔

**Senator Rubina Qaim Khani**

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ میں آپ سے ایک تو گزارش کروں گی کہ جس طرح سے back benchers کو کم وقت دیا جاتا ہے لیکن ان شاء اللہ آپ مجھے interrupt نہیں کریں گے۔ (جاری۔۔۔۔۔T15)

T15-23Feb2026 FAZAL/ED: Shakeel 04:20 pm

سینیٹر روبینہ قائم خانی: (جاری ہے۔۔۔۔) لیکن ان شااللہ آپ مجھے interrupt نہیں کریں گے۔

چیئرمین صاحب! سندھ اسمبلی میں ایک Resolution move کی گئی اور میں سمجھتی ہوں کہ سندھ کی بیٹی ہونے کے ناطے میں as a Senate Member اس پر بات کروں۔ میرے اور بھی بھائیوں نے بات کی۔ جناب چیئرمین! پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کی تقسیم پر ہمیشہ مخالفت کرتی رہی ہے اور کرتی رہے گی کیونکہ ہم سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتے۔ ایم کیو ایم ہمیشہ سندھ میں، سندھ کی عوام میں انتشار پھیلانے کے لیے کوئی نہ کوئی آئے دن شوشہ چھوڑتی رہتی ہے۔ یہ ان کے ہتھکنڈے ایسے ہیں جیسے انہوں نے آپ نے دیکھا ہوگا ماضی میں جس طرح سے کراچی کے حالات، کراچی ہو یا سندھ یا حیدرآباد، جو بھی شہری علاقے ہیں جہاں پر ایم کیو ایم اپنی کسی نہ کسی طرح سے حیثیت رکھتی تھی، اس نے کوشش کی وہاں کی عوام میں انتشار پھیلانے کی۔ میں اس چیز کی چشم دید گواہ ہوں۔ کراچی کا مینڈیٹ یا حیدرآباد کا مینڈیٹ ہو وہ ہمیشہ یہ واویلا مچاتے ہیں لیکن میں نے یہ elections دیکھے ہیں۔ میں چشم دید گواہ ہوں کہ وہاں کی عوام ان کو وہ مینڈیٹ نہیں دیتی جس طرح سے یہ چھین کے اور دہشت گردی پھیلا کر وہ مینڈیٹ حاصل کرتے ہیں، میں اس کی چشم دید گواہ ہوں۔ جس طرح سے کلاشنکوف رکھ کے وہ حالات بھی میں نے دیکھے ہیں۔ میری ساتھی جو میرے ساتھ بیٹھی ہیں وہ بہت باتیں انہوں نے کیں لیکن کیا ماضی میں کوئی بھی ایسا bridge بنا؟ کیا ماضی میں کوئی بھی اس طرح کے ترقیاتی کام ہوئے جو آج ہمارے میئر مرتضٰی وہاب نے تین سال میں وہ ترقیاتی کام کرکے دکھائے ہیں؟ ہم نے صحت کے شعبے میں کام کیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں یہ کہوں گی کہ اس طرح Resolutions سندھ کی علاقائی سالمیت کو کمزور کرتی ہیں۔ میں یہ کہوں گی کہ جب ایک مضبوط بلدیاتی نظام شہری مسائل حل کر سکتا ہے تو پھر یہ تقسیم کی باتیں کیوں؟ اس سے پاکستان میں وسیع سیاسی عدم استحکام پیدا ہو سکتا ہے۔ جناب چیئرمین! سندھ پاکستان سے پہلے وجود میں آیا اور سندھ اسمبلی وہ اسمبلی ہے جس میں پاکستان کی Resolution پاس کی گئی۔ تو وہ پاکستان کے لیے ماں کی حیثیت رکھتی ہے۔ سندھ کبھی تقسیم نہیں ہو سکتا، یہ پاکستان کی ضمانت ہے۔ جناب چیئرمین! سندھ کی عوام پیپلز پارٹی کی قیادت پر اعتماد کرتی ہے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر روبینہ قائم خانی: کراچی سندھ کا دل ہے اور پی پی پی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہم نے وہاں پر ترقیاتی کام کیے ہیں۔ ہم نے سرمایہ، انفراسٹرکچر اور بنیادی سہولیات دی ہیں جو ایم کیو ایم کے وقت پر نہیں ہوئیں۔ یہ ہمیشہ وفاقی کابینہ میں بھی بیٹھے رہے، سندھ حکومت کی کابینہ میں بھی بیٹھے رہے لیکن آج تک انہوں نے سندھ کی عوام کے لیے کسی بھی فورم پہ آواز نہیں اٹھائی۔

جناب چیئرمین! میں یہی کہوں گی کہ ایم کیو ایم کی طرف سے بلدیاتی نظام کے لیے پنجاب کی مثالیں دی جاتی ہیں، جہاں ابھی تک بلدیاتی انتخابات ہوئے ہی نہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، پانچ منٹ پورے ہو گئے ہیں۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: چیئرمین صاحب! ہم back benchers ہیں۔ میں نے اپ کو پہلے ہی کہا تھا کہ آپ تھوڑا سا وقت مجھے دیجئے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے سب کو پانچ پانچ منٹ دیے ہیں بلکہ آپ کی پارٹی نے زیادہ بولا ہے۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: ایک منٹ میں اپنی speech wind up کر رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، کریں۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب چیئرمین! وفاقی وزراء جس طرح غیر ذمہ دارانہ بیانات دے رہے ہیں اور جس طرح انہوں نے سندھ اسمبلی میں قرارداد پیش کی گئی وہ قرارداد اسمبلی کے قواعد و ضوابط کے مطابق تھی۔ جناب چیئرمین! ایسے غیر ذمہ دارانہ بیانات پر وفاقی حکومت کو فوری طور پر نوٹس لینا چاہیے کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی اگر اتحاد میں شامل ہے تو ہم نے ہمیشہ جمہوریت کا ساتھ دیا

ہے۔ ہم نے ہمیشہ جمہوریت کے لیے کوڑے کھائے ہیں، جیلیں کاٹی ہیں اور اسے مضبوط کیا ہے، تو ہم نہیں چاہتے کہ کسی طرح کی بدمزگی ہو۔ جواب ہمیں بھی دینا آتا ہے۔ لہٰذا میں وفاقی وزراء اور وفاقی حکومت سے گزارش کروں گی کہ ان کے بیانات کا نوٹس لیا جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع صاحب۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدلواسع: شکریہ۔ جناب چیئرمین! آج سندھ کی تقسیم کے بارے میں بات ہو رہی ہے۔ ایسے لا معنی اور بے مقصد باتوں پر جب وقت ضائع ہو رہا ہے تو میں دونوں طرف سے ہی گزارش کرتا ہوں کہ اگر ایم کیو ایم ہو یا پیپلز پارٹی ہو، دونوں ایک پیر کے مرید ہیں۔ وہاں گھر کے اندر یہ مسئلہ طے کر لیں، ایوان کا وقت ضائع نہ کیا جائے اور ایوان کے اندر لوگوں کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کے لیے کوشش نہ کی جائے۔ لیکن مجھے لگتا ہے جناب چیئرمین صاحب! کہ ملک کے اندر یہ باتیں تو ہو رہی ہیں کہ فلاں صوبے کے اندر اتنے صوبے بنتے ہیں، فلاں صوبے کے اندر اتنے صوبے بنتے ہیں، تو یہ ساری صورت حال جب بیان کرتے ہیں تو ان کے مشورے سے یہ سارے کابینہ میں بیٹھے ہیں، یہ سارے حکومت میں بیٹھے ہیں، یہ سارے اسی پیر کے ارد گرد طواف کرتے ہیں، تو اگر وہاں سے فیصلہ آیا، تو میں نہیں سمجھتا کہ ایم کیو ایم ان کو مسترد کر لیتی ہے یا پیپلز پارٹی ان کو مسترد کر لیتی ہے کیونکہ ان کا حق تو ادا کرنا پڑتا ہے کہ یہ جو حکومت ان کو دی گئی ہے یا نمائندگی یا مینڈیٹ چوری کر کے ان دونوں کو مل گیا ہے۔ لیکن اگر وہاں سے فیصلہ نہیں آیا ہے، خوامخواہ لوگوں کا وقت ضائع کرنے کے لیے اصل مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے ہے تو پھر اس موقعوں پر میں سمجھتا ہوں کہ موقع نہ دیا جائے۔

جناب چیئرمین صاحب! اصل مسئلہ یہ ہے کہ بلوچستان کی صورت حال آپ کے سامنے ہے کہ بلوچستان میں 31 جنوری کو جب واقعہ ہوا اور ان حالات پر پارلیمنٹ میں اس پر بحث ہو گئی اور اس پر تین چار دن تمام پارلیمنٹیرینز نے اس پر تقاریر کیں۔ لیکن اب تک ہمیں سمجھ نہیں آ رہا کہ حکومت اس معاملے کو کس طرح نظر انداز کر رہی ہے۔ حکومت کی طرف سے بلوچستان کے ان حالات کے حوالے سے کوئی بھی موقف ہمارے سامنے نہیں آیا۔ پھر اس کے بعد بھی امن تو وہاں قائم نہیں ہوا۔ وہاں مختلف اضلاع میں، مختلف علاقوں میں اسی طرح حالات ہیں، اسی طرح دہشت گردی ہو رہی ہے اور اسی طرح لوگوں پر مظالم ہو رہے ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب! اگر ہماری حکومت اس معاملے میں سنجیدہ ہے تو پھر اس پر توجہ دی جائے کیونکہ بلوچستان پر توجہ دی جائے۔ اب یہ صوبوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ میرے صوبہ دے دیا جائے، دوسرے کہتے ہیں کہ میں نہیں چھوڑتا ہوں لیکن اب ملک کاآدھاحصہ آپ کے ہاتھ سے نکلنے والا ہے لیکن اس پر پارلیمنٹ غور نہیں کرتی اور اس پر پارلیمنٹ سرے سے یہ مسئلہ ہی مسئلہ نہیں سمجھتی۔

جناب چیئرمین صاحب! اس حوالے سے میں گزارش کرتا ہوں کہ حکومت بلوچستان کے حالات پر توجہ دیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جناب چیئرمین! آپ نے بھی دیکھا ہو گا وہاں بلوچستان اسمبلی سے ایک قرارداد دو دن پہلے پاس ہو چکی ہے کہ وہاں کی صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی سیٹوں کو بڑھایا جائے۔ اس مقدس ہاؤس سے بھی 2018 میں بلوچستان اسمبلی کی سیٹیں بڑھانے کے لیے میرے خیال قرارداد پاس ہو چکی ہے۔ تو میں ایک مرتبہ پھر ہاؤس سے اور حکومت سے یہی گزارش کرتا ہوں کہ اس طرح اقدامات کیے جائیں اوراس طرح فیصلے کیے جائیں تاکہ لوگ مطمئن ہوں۔ وہاں جمہوریت مضبوط ہو اور لوگوں کے دلوں میں جمہوریت کے ساتھ جڑاؤ پیدا ہو جائے۔

(جاری ہے۔۔۔۔T16)

**T16-23Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: Iram 4:30 pm**

سینیٹر عبدالواسع: (جاری) وہاں جمہوریت مضبوط ہو اور لوگوں کے دلوں میں جمہوریت کے ساتھ جڑاؤ پیدا ہو جائے۔ اس حوالے سے مزید بہتری، امن اور سکون پیدا کرنے کے لیے اگر اس پر عمل درآمد کیا جائے اور پورا ہاؤس، ہمارے دوسرے دوست بھی، اس کے لیے آواز اٹھائیں کیونکہ وہاں 45% رقبہ ہے اور ان کو cover کرنے کے لیے ضروری ہے۔ اس طرح وہ ایک شورش زدہ صوبہ ہے جہاں لوگوں کے اندر جمہوریت کے خلاف، حکومت کے خلاف اور ریاست کے خلاف باتیں ہو رہی ہیں، ان کی ذہن سازی ہو رہی ہے تو اس کو ختم کرنے کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ قومی اسمبلی کی سیٹیں بھی بڑھائی جائیں کیونکہ وہاں سے انہوں نے مطالبہ کیا ہوا تھا کہ 16 سے بڑھا کر 30 تک پہنچائی جائیں۔ اس کے ساتھ صوبائی اسمبلی کی سیٹوں کو 65 سے بڑھا کر 85 تک کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مثبت فیصلے ہیں۔ یہ جمہوریت کے استحکام کے فیصلے ہیں۔ یہ عوام کے issues پر بات ہے اور عوام ان فیصلوں سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ عوام اس سے مطمئن نہیں ہوتے کہ ایک ایسی چیز درمیان میں پھینک دی جائے جس کا کوئی سر ہو اور نہ پیر ہو۔ لہٰذا، اس میں وقت ضائع نہ کیا جائے۔ واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر بٹ صاحب۔ ماشاءاللہ، کافی دیر سے انتظار کر رہے تھے۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: چیئرمین صاحب! شکریہ۔ آپ کی حکومت میں مجھے بھی موقع مل گیا ہے۔ آج یہاں بحث ہو رہی ہے، میں سن رہا ہوں، ایک ماحول ہے، سندھ میں تقسیم کے مسئلے پر ہر معزز رکن بات کر رہا ہے۔ میرا خیال ہے کہ سندھ اسمبلی یا چاہے کوئی دوسری اسمبلی ہو، اگر کہیں صوبوں کی بات ہونی ہے تو وہ اسمبلی اپنی قرارداد منظور کرے۔ اگر سب اکٹھے ہیں، حکومت اور اپوزیشن اور صوبے بن جائیں تو اچھی بات ہے۔ جہاں تک پنجاب میں صوبے بننے کی بات ہے تو ہم کہتے ہیں کہ صوبے پنجاب میں بھی بننے چاہییں، سندھ اور بلوچستان میں جہاں بھی اگر وہاں کی اسمبلی منظور کرتی ہے تو ٹھیک ہے۔ میرے بھائی آپس میں اختلافات کی بات کر رہے تھے، اختلافات جمہوریت کا حسن ہوتا ہے۔ ٹھیک ہے یہ بات ہونی چاہیے لیکن میرے دوسرے بھائی بھی سمجھ لیں جو کہتے ہیں کہ نہیں، ہم نے بات ہی نہیں کرنی، جاؤ ہم جا رہے ہیں۔ جا جا کر انہوں نے دو سالوں میں ہماری یہ حالت کر دی ہے کہ ہم بات کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ نہیں، ہم نے بات اُن سے کرنی ہے۔ وہ وقت بھی آ گیا ہے۔

اب میں تھوڑی سی اس پر بات کر لوں کہ رمضان کا مہینہ ہے۔ میرے بھائی نے کہا کہ مسلمان سب ایک ہونے چاہییں۔ ہوتے ہیں۔ یہ قیمتوں کی بات کر رہے تھے، ان کی بات ٹھیک ہے لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ صوبے بھی اس پر توجہ دے رہے ہیں۔ میں نے پنجاب میں دیکھا ہے کہ بڑی سختی ہو رہی ہے۔ کہتے ہیں کہ رمضان بازار بھی لگ رہے ہیں۔ باقی صوبوں میں بھی لگ رہے ہوں گے۔ مجھے خوشی ہے کہ پنجاب میں رمضان بازار لگ رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بڑی سختی بھی ہو رہی ہے۔ جو دکاندار ہیں یا رمضان بازار میں جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اس پر عمل کر رہے ہیں، قیمتوں پر توجہ دی جا رہی ہے۔

باقی افغانستان سے متعلق ابھی منسٹر صاحب نے بات کی ہے۔ افغانستان سے لوگ اٹھ کر آتے ہیں اور یہاں ہمارے بے گناہ شہریوں کو شہید کر کے چلے جاتے ہیں۔ بار بار افغانستان کو کہا جاتا ہے، اس میں قطر اور دوسرے ممالک بھی شامل ہوئے کہ یہ چیز ختم ہونی چاہیے۔ بار بار کہنے کے باوجود جب عمل نہیں ہوتا تو پھر یہ ہمارا حق ہے کہ جو پاکستان نے افغانستان میں کیا ہے۔ وہ لوگ جو دہشت گردی کر کے وہاں چھپ جاتے تھے اور افغانستان حکومت اس پر عمل نہیں کرتی تھی اور انہیں پکڑتی نہیں تھی تو پھر ہمارا جو حق تھا، ہم نے اسے استعمال کیا۔ اس کے لیے ہم سب ایک ہیں۔ پرائم منسٹر صاحب کا یہ فیصلہ ہے اور آرمی چیف کا بھی کہ جو ہمارے ملک میں آ کر، دراندازی کر کے سمجھے گا کہ وہ واپس چلا جائے گا اور آرام سے بیٹھ جائے گا، ایسا نہیں ہو سکتا۔ ان کے ساتھ جو بھی ہوا ہے، ٹھیک ہوا ہے۔ یہاں فیصلہ ہوا ہے کہ ہم سب اکٹھے ہو کر قرارداد کو sign کر کے منظور کروا دیں۔ اس کے ساتھ اسرائیل اور ہندوستان والی وہ بات بھی ٹھیک ہے۔ نیتن یاہو کہتا ہے کہ ہندوستان اور ہم اکٹھے ہو کر مسلمانوں کے خلاف

کوئی علیحدہ چیز بنا رہے ہیں تو ہمارا بھی حق ہے کہ ہم ان کو بتادیں۔ ہندوستان تو ہے ہی ہمارا دشمن اور اس کو ہم نے بڑا اچھا سبق دے دیا ہے لیکن ایک بات کہ ہم سب اس بات پر اکٹھے ہوں، آج میں کتنا اچھا ماحول دیکھ رہا ہوں، کہ اگر پاکستان میں کوئی دہشت گردی کرتا ہے، یہ ایک proxy war ہے، اس میں ہندوستان شامل ہے، افغانستان سے لوگ آ کر بیٹھ جاتے تھے۔ بار بار کہنے کے باوجود اگر وہاں کی حکومت عمل نہیں کر رہی تھی تو پھر ہمارا حق تھا، ہم نے وہاں جا کر ان لوگوں کو سبق سکھایا۔ اطلاعات ہیں کہ وہ لوگ 100 کے لگ بھگ تھے، وہ اکٹھے تھے جن کا یہی کام تھا کہ وہاں ایک جگہ بیٹھ کر منصوبے بناتے تھے اور پاکستان میں آ کر دہشت گردی کر کے چلے جاتے تھے۔ ہم نے ان کا قلع قمع کیا ہے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے پانچ منٹ دیے ہیں۔ آپ کا شکریہ۔ رمضان ہے، اس لیے ہم اچھی باتیں کریں اور اچھا time گزرے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. The proceedings of the House stand adjourned to meet again on Tuesday, 24th February, 2026 at 11:30 a.m.

---------------

*[The House was adjourned to meet again on Tuesday, 24th February, 2026 at 11:30 a.m.]*

---------------